Email- info@awamilalkaar.com

MEMBER WUOJ عوام کی بے ساختہ للکار ABC Certified

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ایڈیٹرانچیف: محمد فیصل ندیم

جلد 15 ہفتہ، 17 اگست 2024ء، 11 صفر المظفر 1446ھ، قیمت 10 روپے شمارہ 139

بھارت کشمیر میں انسانی نسل کشی میں ملوث ہے، ممتاز زہرا بلوچ

اس معاملے پر پاکستان امریکہ کی جانب سے معلومات فراہم کرنے کا منتظر ہے، پاکستان مشرق وسطی میں بننے والی صورتحال پر تشویش میں ہے

اسرائیل کی جانب سے نمازیوں پر حملہ قابل مزمت ہے، یہ جنیوا سمیت اقوام متحدہ کی قوانین کی خلاف ورزی ہے،، ترجمان دفتر خارجہ کی ہفتہ وار میڈیا بریفنگ

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) پاکستان نے کہا ہے کہ امریکا میں گرفتار آصف مرچنٹ کے حوالے سے اب تک کوئی پیش رفت نہیں ہوئی اور اس سلسلے میں امریکی حکومت کی جانب سے کوئی معلومات فراہم نہیں کی گئی۔ ترجمان دفتر خارجہ ممتاز زہرا بلوچ نے اسلام آباد میں ہفتہ وار میڈیا بریفنگ میں کہا کہ بنگلہ دیش کے لوگوں میں اپنے مسائل حل کرنے کی صلاحیت موجود ہے، پاکستان مشرق وسطی میں (بقیہ نمبر 2)

وزیر اقلیتی امور پنجاب رمیش سنگھ اروڑہ کا یوم آزادی کی مناسبت سے منعقدہ تقریب کے شرکاء کے ہمراہ گروپ فوٹو

سینئر صحافی سید ظفر ہاشمی کی ہمشیرہ کے انتقال پر اظہار تعزیت

دکھ کی گھڑی میں سید ظفر ہاشمی اور ان کے خاندان کے دکھ میں برابر کے شریک ہیں

اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق کا سینئر صحافی سید ظفر ہاشمی کی ہمشیرہ کے انتقال پر اظہار تعزیت

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے سینئر صحافی سید ظفر ہاشمی کی ہمشیرہ کے انتقال پر اظہار تعزیت کیا ہے۔ سپیکر نے سید ظفر ہاشمی کے نام اپنے تعزیتی پیغام میں ان کی ہمشیرہ کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ (بقیہ نمبر 1)

یوٹیلیٹی سٹورز کو دی جانے والی سبسڈی پر ٹرن اوور ٹیکس عائد

ایف بی آر کے مطابق رواں مالی سال یوٹیلیٹی سٹورز کو دی جانے والی سبسڈی پر 1.25 فیصد ٹیکس عائد ہوگا

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) یوٹیلیٹی سٹورز کو دی جانے والی سبسڈی پر ٹرن اوور ٹیکس عائد کردیا گیا۔ فیڈرل بورڈ آف ریونیو کے مطابق رواں مالی سال یوٹیلیٹی سٹورز کو دی جانے والی سبسڈی پر 1.25 فیصد ٹیکس عائد ہوگا، رواں مالی (بقیہ نمبر 5)

9 مئی کرنے کرانیوالا گینگ آہستہ آہستہ ایکسپوز ہو رہا ہے، عظمیٰ بخاری

9 مئی کا ماسٹر مائنڈ کون ہے اور اسکے سہولت کار کون تھے، بانی پی ٹی آئی کے اب نقاب اترنا شروع ہو گئے ہیں

لاہور (نمائندہ عوامی للکار) وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری نے کہا ہے کہ 9 مئی کرنے والوں اور کرانے والوں کی گینگ آہستہ آہستہ ایکسپوز ہو رہا ہے۔ صوبائی وزیر اطلاعات و نشریات عظمیٰ بخاری نے اپنے بیان میں کہا ہے (بقیہ نمبر 4)

190 ملین پاؤنڈز سے متعلق ریمارکس واپس لیے جائیں

مارگلہ ہلز کیس میں چیف جسٹس کے ریمارکس، عمران خان کی بہنوں کی متفرق درخواست دائر

اسلام آباد (اے ایف پی) سپریم کورٹ میں سابق وزیراعظم عمران خان کی بہنوں نے مونال ریسٹورنٹ اور مارگلہ ہلز کیس میں 190 ملین پاؤنڈز سے متعلق چیف جسٹس پاکستان قاضی فائز عیسیٰ کے ریمارکس پر چیف (بقیہ نمبر 3)

مسلم لیگ ن کے صدر نواز شریف، وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے ہمراہ صارفین کو بجلی کے بلوں میں 14 روپے فی یونٹ ریلیف دینے کے حوالے سے گفتگو کر رہے ہیں

14 روپے فی یونٹ ریلیف دینے کا اعلان

غریب عوام کے 1600 کے بل کو 18 ہزار تک پہنچانے والے ناقابل معافی ہیں، مجھے اس لئے نکالا غریبوں کا بل 1600 روپے کیوں آتا تھا، اس لئے نکالا 104 والے ڈالر کر 250 روپے پر پہنچا دیا جائے

کیا ان کو کوئی پوچھنے والا نہیں جنہوں نے ملک کو اس حالت تک پہنچایا، انہوں نے بہت بڑا جرم کیا، ملک کے ساتھ زیادتی کی ہے، مجھے یہ کہنے میں کوئی عار نہیں یہ عمران خان کے زمانے سے سارا کام شروع ہوا

عمران خان کس طرح اقتدار میں آئے، جو پاکستان کی تباہی و بربادی کا سامان کر کے چلے گئے عوام سے درخواست کرتا ہوں ان کے دھوکے میں نہ آئیں، ہم نے تو آئی ایم ایف کو خدا حافظ کہہ دیا تھا

آئی ایم ایف کو لانے والے وہ ہیں جو آج بڑھ چڑھ کر جیل میں بیٹھ کر باتیں کر رہے ہیں، سابق وزیراعظم و پاکستان مسلم لیگ (ن) کے صدر کی وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے ہمراہ پریس کانفرنس

لاہور (عوامی للکار) سابق وزیراعظم و پاکستان مسلم لیگ (ن) کے صدر محمد نواز شریف نے پنجاب حکومت کی جانب سے 1 سے 500 یونٹس استعمال کرنے والے صارفین کے لئے اگست اور ستمبر کے بجلی کے بلوں میں فی یونٹ 14 روپے کمی کا اعلان کرتے ہوئے کہا ہے کہ غریب عوام کے 1600 کے بل کو 18 ہزار تک پہنچانے والے ناقابل معافی ہیں، میرا سوال ہے مجھے اس لئے نکالا کہ غریبوں کا بل 1600 روپے کیوں آتا تھا، اس لئے نکالا کہ 104 والے ڈالر کر 250 روپے پر پہنچا دیا جائے، کیا ان کو کوئی پوچھنے والا نہیں جنہوں نے ملک کو اس حالت تک پہنچایا، انہوں نے بہت بڑا جرم کیا ہے، ملک کے ساتھ زیادتی کی ہے، مجھے یہ کہنے میں کوئی عار نہیں یہ عمران خان کے زمانے سے سارا کام شروع ہوا، مجھے کوئی جواب دے گا کہ مجھے کیوں نکالا گیا، کیوں ہمارے خلاف سازش بنی گئی، کون تھے وہ چہرے، عمران خان کس طرح اقتدار میں آئے؟، جو پاکستان کی تباہی و بربادی کا سامان کر کے چلے گئے ہیں میں عوام سے درخواست کرتا ہوں ان کے دھوکے میں نہ آئیں، ہم نے تو آئی ایم ایف کو خدا حافظ کہہ دیا تھا، پھر آئی ایم ایف کو دوبارہ لانے والے کون ہیں، عوام وہ چہرے پہچانے، یہ وہ ہیں جو آج بڑھ چڑھ کر جیل میں بیٹھ کر باتیں کر رہے ہیں۔ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے ہمراہ پریس کانفرنس کرتے ہوئے نواز شریف نے کہا کہ مجھے معلوم ہے کہ عوام مہنگائی اور بجلی کے مہنگے بلوں کی وجہ سے جس کرب سے گزر رہے ہیں۔ جب میں 21 اکتوبر کو مینار پاکستان پر آپ (بقیہ نمبر 14)

گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر کی اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق سے ملاقات

موجودہ پارلیمان مؤثر قانون سازی کے ذریعے عوام کی فلاح و بہبود اور ملک کو درپیش مسائل کو حل کرنے کے لیے پرعزم ہے، سپیکر قومی اسمبلی

پارلیمان کی جانب سے عوامی فلاح و بہبود کیلئے کی گئی قانون سازی قابل تعریف ہے، گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر

اسلام آباد (محمد فیصل ندیم) گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر کی اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق کی رہائش گاہ آمد۔ اسپیکر قومی اسمبلی نے گورنر پنجاب کا خیر مقدم کیا۔ اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق سے گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر کی ملاقات۔ ملاقات میں پارلیمانی امور سمیت باہمی دلچسپی کے دیگر امور پر تبادلہ خیال۔ اسپیکر قومی اسمبلی نے گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر کے لیے نیک خواہشات کا اظہار موجودہ (بقیہ نمبر 8)



راولپنڈی، پیرس اولمپکس کے گولڈ میڈلسٹ ارشد ندیم کے اعزاز میں منعقدہ تقریب کے دوران آرمی چیف جنرل عاصم منیر اور ارشد ندیم قومی ترانے کے احترام میں کھڑے ہیں

ضلع کرم میں خوارج کے خلاف سکیورٹی فورسز کا کامیاب آپریشن

آپریشن کے ذریعے خوارج کے ٹھکانوں کو تباہ کرنے اور خوارج کو جہنم واصل کرنے پر سیکیورٹی فورسز کو خراج تحسین

ملک سے دہشت گردی کے خاتمے کیلئے سیکورٹی فورسز کا عزم قابل تحسین ہے، سپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق

اسلام آباد (محمد فیصل ندیم سے) اسپیکر قومی اسمبلی کا ضلع کرم میں آپریشن کے ذریعے خوارج کے ٹھکانوں کو تباہ کرنے اور خوارج کو جہنم واصل کرنے پر سیکیورٹی فورسز کو خراج تحسین۔ سیکورٹی فورسز کے بہادر جوانوں اور افسروں نے ملک سے دہشتگردی کے خاتمے کا عزم کر رکھا ہے، اسپیکر سردار ایاز صادق ملک سے دہشتگردی کے خاتمے کیلئے سیکورٹی فورسز کا عزم قابل تحسین ہے، سردار ایاز صادق (بقیہ نمبر 16)

چکلالہ کنٹونمنٹ کے رہائشیوں پر بورنگ ٹیکس نافذ، شہری پریشان

سالانہ بورنگ ٹیکس 36000، اس مہنگائی کے دور میں ہم روٹی پوری کریں یا ٹیکس ادا کریں، شہری

سی ای او چکلالہ کینٹ بورڈ و دیگر متعلقہ اعلیٰ حکام نافذ کیا گیا بورنگ ٹیکس واپس لیں اور پانی کی فراہمی یقینی بنائیں، شہری

راولپنڈی (عبدالرحمان سے) چکلالہ کنٹونمنٹ بورڈ کی جانب سے عوام پر پانی اور پراپرٹی ٹیکس کے بعد بورنگ ٹیکس ڈال دیا گیا، تفصیلات کے مطابق چکلالہ کنٹونمنٹ بورڈ کے عوام پر ایک اور ٹیکس نافذ کردیا گیا جس کا نام بورنگ ٹیکس معلوم ہوا ہے۔ چکلالہ کینٹ کے مکینوں کو موصول ہونے والے ٹیکس کے مطابق چکلالہ کینٹ کی حدود کے رہائشی گھر میں پانی کی سہولت کے لئے بور کریں گے تو وہ (بقیہ نمبر 10)

چہلم امام حسین، پنجاب کے 10 اضلاع میں موبائل سروس جزوی معطل کرنیکا فیصلہ

لاہور (اے ایف پی) چہلم حضرت امام حسین کے موقع پر پنجاب کے 10 اضلاع میں جزوی طور پر موبائل سروس معطل کرنے کا فیصلہ کرلیا گیا۔ ترجمان محکمہ داخلہ پنجاب کے مطابق موبائل سروس صرف جلوس اور مجالس والے علاقوں میں جزوی طور (بقیہ نمبر 26)

ڈی آئی خان، بس اور ٹرالر میں تصادم، 2 افراد جاں بحق، 17 زخمی

ڈیرہ اسماعیل خان (اے ایف پی) ڈی آئی خان میں بس اور ٹرالر میں تصادم سے 2 افراد جاں بحق اور 17 زخمی ہوگئے۔ ریسکیو 1122 کے مطابق خیبر پختونخوا کے ضلع ڈی آئی خان میں بنوں روڈ پر بس میں سوار تمام مسافر پاراچنار سے براستہ بلوچستان ایران (بقیہ نمبر 28)

بلوچستان، دالبندین میں بجلی کے کھمبوں سے لٹکی 5 لاشیں برآمد

دالبندین (اے ایف پی) بلوچستان کے ضلع چاغی کے شہر دالبندین میں بجلی کے کھمبوں سے لٹکی 5 لاشیں برآمد۔ لیویز ذرائع کا کہنا تھا کہ لاشوں کو سول ہسپتال دالبندین منتقل کردیا گیا، بجلی کے کھمبوں سے لٹکی لاشوں کی تاحال شناخت نہیں ہوسکی۔ لیویز ذرائع نے (بقیہ نمبر 11)

برسین میں ڈولی کی رسی ٹوٹنے سے 3 افراد دریائے سندھ میں ڈوب گئے

اپرکوہستان (اے ایف پی) اپرکوہستان کے علاقے برسین میں ڈولی کی رسی ٹوٹنے سے 3 افراد دریائے سندھ میں ڈوب گئے۔ پولیس کے مطابق تینوں افراد کی تلاش جاری ہے جبکہ پانی کا بہاو تیز ہونے سے مشکلات کا سامنا ہے۔ پولیس کے مطابق لاپتہ افراد کا تعلق جالکوٹ کے علاقے کیگاہ سے ہے۔

قائمہ کمیٹی برائے توانائی کے اجلاس میں خاتون آفیسر کی توہین پر ڈاکٹر شاہدہ رحمانی کی مذمت

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) سیکرٹری ویمنز پارلیمانی کاکس، ڈاکٹر شاہدہ رحمانی نے تحریک انصاف کے رکن قومی اسمبلی اقبال آفریدی کی جانب سے قومی اسمبلی کی (بقیہ نمبر 7)

پشاور، پولیس وین کے قریب دھماکا، 2 پولیس اہلکاروں سمیت 5 زخمی

پشاور (اے ایف پی) خیبر پختونخوا کے دارالحکومت پشاور میں پولیس وین کے قریب دھماکے میں 2 پولیس اہلکاروں سمیت 5 زخمی ہوگئے۔ پشاور کے علاقے مچنی گیٹ میں پولیس وین کے قریب ہونے والے آئی ای ڈی دھماکا اس وقت ہوا جب کہ اہلکار ورسک روڈ پر معمول کے گشت پر تھے۔ کیپٹل (بقیہ نمبر 29)

پاکستان سے سعودیہ، قطر، برطانیہ، ملائیشیا منشیات اسمگلنگ کی کوششیں ناکام

راولپنڈی (اے ایف پی) پاکستان کے مختلف ائیرپورٹس سے سعودی عرب، قطر، برطانیہ اور ملائیشیا منشیات اسمگل کرنے کی کوششیں ناکام بنا دی گئیں۔ اینٹی نارکوٹکس (بقیہ نمبر 18)

ضلع ایبٹ آباد کی بیٹی سندس اقبال کو دوسروں کی خدمت کرنے پر ایوارڈ سے نوازا

"پی پی اے ایف" سے بلاسود قرضہ لیکر متعدد لوگوں کو سیلون بنا کر دیئے، درجنوں لڑکیاں اپنے خاندان کی کفالت کر رہی ہیں

تقریب کے مہمان خصوصی وزیر اعظم پاکستان محمد شہباز شریف تھے جنہوں نے محترمہ سندس اقبال کو ایوارڈ سے نوازا

ضلع ایبٹ آباد کی بیٹی سندس اقبال کو دوسروں کی خدمت کرنے پر وزیراعظم شہباز شریف ایوارڈ دے رہے ہیں

اسلام آباد (محمد جمیل ملک) وزیراعظم پاکستان میاں شہباز شریف نے مجھوہاں، تحصیل حویلیاں، ضلع ایبٹ آباد کی سے تعلق رکھنے والی بہادر بیٹی کو دوسروں کی خدمت کرنے پر ایوارڈ سے نوازا، سندس اقبال جنہوں نے بیوٹی پارلر کا کام شروع کیا اور گزرتے وقت کیساتھ انہوں 2016 میں ماسٹرز ڈگری حاصل کی اور ایک سال بعد انٹرنشپ حاصل کی اور پھر کمیشن کے ذریعے ملازمت حاصل کی۔ ملازمت حاصل کرنے کے باوجود انہوں نے اپنے ہنر کو بلا معاوضہ دوسری غریب لڑکیوں میں منتقل کیا۔ نہ صرف یہ بلکہ گزشتہ سال انہوں نے "پی پی اے ایف" سے بلاسود قرضہ لیکر متعدد لوگوں کو سیلون بنا کر دیئے۔ آج صرف ایبٹ آباد کی بہادر بیٹی سندس اقبال نہیں بلکہ درجنوں لڑکیاں اپنے (بقیہ نمبر 17)

ٹریفک اشاروں کی خلاف ورزی پر ڈرائیورز کیخلاف کارروائیاں

اسلام آباد پولیس ٹریفک کنجیشن یونٹ کے علاوہ خصوصی دستے بھی وفاقی دارالحکومت کی شاہراں اور اہم مقامات پر تعینات کر دیئے گئے ہیں

ٹریفک اشاروں کی خلاف ورزی پر بلاامتیاز کارروائیاں عمل میں لائیں، ایسے عناصر سے ہرگز کوئی رعایت نہ برتی جائے، سی ٹی او

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) اسلام آباد پولیس کا ٹریفک اشاروں کی خلاف ورزی کرنے والے ڈرائیورز کے خلاف کارروائیوں کو مزید تیز کرنے کا فیصلہ، ٹریفک کنجیشن یونٹ کے علاوہ اضافی خصوصی دستے بھی تشکیل دے دیئے گئے ہیں، ٹریفک قوانین کی خلاف ورزی کرنے والے عناصر کیخلاف بلاامتیاز کارروائیوں کا سلسلہ جاری ہے۔ تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس (بقیہ نمبر 24)

الٹرا پروسیسڈ فوڈز موٹاپے اور دیگر امراض میں اہم کردار ادا کرتے ہیں

فرنٹ آف پیکج لیبلز الٹرا پروسیسڈ فوڈز میں موجود غذائی مواد کے بارے میں ضروری معلومات فراہم کرتے ہیں

پاکستان میں پاکستان سٹینڈرڈ اینڈ کوالٹی کنٹرول اتھارٹی (PSQCA) وہ ادارہ ہے جو مضر صحت کھانوں پر وارننگ لیبلز لگانے کا زمہ دار ہے

Meeting With Coalition Partners
On
Advocating for Enactment of Mandatory
Front of Pack Warning Labels on

PANAH کے زیراہتمام کولیشن پارٹنرز کے ساتھ ایک میٹنگ میں مقررین اظہار خیال کر رہے ہیں

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) پاکستان میں حالیہ سالوں میں غیر متعدی بیماریوں میں تشویشناک حد تک اضافہ ہوا ہے۔ 41 فیصد پاکستانی موٹاپے یا زیادہ وزن کا شکار ہیں۔ زیابیطس یا اس سے ہونے والی پیچیدگیوں سے روزانہ 400 سے زیادہ لوگ موت کے منہ میں جا رہے ہیں۔ غیر صحت بخش خوراک ان بیماریوں کی ایک بڑی وجہ ہے۔ الٹرا پروسیسڈ پروڈکٹس جن میں اکثر چینی، نمک اور ٹرانس فیٹس کی مقدار بہت زیادہ ہوتی ہے انسانی صحت پر سنگین اثرات کا باعث بنتے ہیں۔ غیر صحت بخش خوراک کے استعمال میں کمی کے لیے دنیا نے جن اہم پالیسی اقدامات پر عمل کیا ان میں (بقیہ نمبر 13)

حکومت پنجاب کا کسان دوست اقدام

حکومت پنجاب

بارانی علاقوں میں کمانڈ ایریا کے اضافہ کا قومی منصوبہ

3 ارب 71 کروڑ روپے کی لاگت سے

پنجاب کے 13 اضلاع میں 5 سال (25-2020) کے دوران سبسڈی پر درج ذیل سہولیات کی فراہمی

480 بارشی پانی ذخیرہ کے تالاب بمعہ سولر سسٹم (60% سبسڈی)

736 ڈگ ویل بمعہ سولر سسٹم (60% سبسڈی)

500 لیزر لینڈ لیولر کی فراہمی (250,000 روپے فی یونٹ سبسڈی)

600 غیر نہری کھالاجات / اریگیشن سکیم کی اصلاح (سبسڈی 300,000 روپے فی سکیم)

اس کے علاوہ ◀
- ● 6,383 ایکڑ پر پھل دار پودے لگانا
- ● 16,538 ایکڑ پر آئل سیڈ/دالیں اور 11,562 ایکڑ پر چارہ جات کیلئے بیج پر سبسڈی

اضلاع
- ▪ راولپنڈی ▪ اٹک ▪ چکوال ▪ جہلم ▪ سیالکوٹ ▪ نارووال ▪ گجرات
- ▪ میانوالی ▪ خوشاب ▪ ڈیرہ غازی خان ▪ لیہ ▪ بھکر ▪ راجن پور

ان اضلاع کے بارانی علاقوں کے کاشتکار سہولیات سے مستفید ہونے کے اہل ہیں

مالی سال 25-2024 کے دوران اِن سہولیات سے مستفید ہونے کے لئے کاشتکار مقامی ڈپٹی ڈائریکٹر زراعت (اصلاح آبپاشی)/اسسٹنٹ ڈائریکٹرز زراعت (اصلاح آبپاشی) جبکہ پھل دار پودوں، آئل سیڈ/ دالیں اور چارہ جات پر سبسڈی کے متعلق معلومات کیلئے متعلقہ ڈپٹی ڈائریکٹر زراعت (توسیع)/اسسٹنٹ ڈائریکٹرز زراعت (توسیع) کے دفاتر سے رابطہ کریں یا محکمہ زراعت کے شعبہ اصلاح آبپاشی کی ویب سائٹ http://ofwm.agripunjab.gov.pk وزٹ کریں

نوٹ: کامیاب کاشتکاروں کو سبسڈی کی فراہمی مالی سال 25-2024 کے فنڈز کی دستیابی سے مشروط ہے

مزید معلومات و رہنمائی کے لئے

0800-17000

ایگریکلچرل ہیلپ لائن (پیر تا ہفتہ) صبح 8 تا رات 8 بجے تک کال کریں

محکمہ زراعت حکومت پنجاب

نظامتِ اعلیٰ زراعت (اصلاحِ آبپاشی) پنجاب

SPL-865

عوام کی بے ساختہ للکار
روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی
عوامی للکار
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ایڈیٹر انچیف محمد فیصل ندیم

ایڈیٹوریل پیج

ایڈیٹوریل ایڈیٹر
روبینہ فیصل

مسلح افواج، قومی آزادی کی محافظ

مسلح افواج، چیئرمین جوائنٹ چیفس آف سٹاف کمیٹی اور تینوں افواج کے سربراہان نے قوم کو یومِ آزادی پر مبارک باد دیتے ہوئے کہا ہے کہ یہ اہم موقع مسلمانوں کے ایک علیحدہ وطن کے دیرینہ خواب کی تعبیر کی یاد دلاتا ہے ، پاکستان کی مسلح افواج ملک کی جدوجہد میں حصہ لینے والوں کو خراجِ تحسین پیش کرتی ہیں۔ مسلح افواج کے ترجمان ادارے آئی ایس پی آر کی طرف سے جاری پیغام میں کہا گیا کہ مسلح افواج ملکی خودمختاری، علاقائی سالمیت اور اقتدار کے دفاع کے لیے غیر متزلزل عزم کا اعادہ کرتی ہیں۔ مسلح افواج قوم کی طرف سے ان پر کیے گئے اعتماد کو قائم رکھتی ہیں، ہم محنت سے حاصل کی گئی آزادی کو عزت اور وقار کے ساتھ محفوظ رکھنے کے عزم کا اعادہ کرتے ہیں۔ افواج پاکستان کا وطن کی سلامتی اور دفاع کے لیے ہمہ وقت چاق و چوبند رہنا اور جانی قربانیوں سے بھی گریز نہ کرنا، وطن عزیز کی آزادی اور عزت و وقار کی ضمانت ہے۔ پاک فوج سرحدوں کے دفاع کے ساتھ ساتھ اندرون ملک دشمنوں سے بھی برسر پیکار ہے اور اس سلسلے میں وہ ایک بیرونی دشمنوں کا سامنا کر رہی ہے تو دوسری جانب اسے ایسے عناصر کی سرکوبی بھی کرنا پڑ رہی ہے جو ملک کے اندر رہتے ہوئے پاکستان کے مفادات کے خلاف کام کر رہے ہیں۔ پاکستان کی تاریخ اس بات کی گواہ ہے کہ پوری قوم افواج پاکستان کے شانہ بشانہ کھڑی ہے اور ہر اہم موقع پر افواج اور قوم نے ایک ساتھ مل کر ملک کے اندر اور باہر موجود دشمنوں کو یہ باور کرانے میں کوئی کسر نہیں چھوڑی کہ پاکستان کی حفاظت اور سلامتی کے لیے ہم کسی بھی قربانی سے دریغ نہیں کریں گے۔ افواج اور قوم کے اسی ساتھ اور قربانیوں کے اسی لازوال جذبے کی وجہ سے چار طرف سے ہونے والی ریشہ دوانیوں اور سازشوں کے باوجود پاکستان قائم و دائم ہے اور اس کا پرچم سر بلند ہے۔ افواج اور قوم کے مابین پھوٹ ڈالنے کی کوشش کرنے والے ماضی میں بھی ذلیل و رسوا ہوئے تھے اور آئندہ بھی ناکامی و نامرادی ہی ان کا مقدر بنے گی۔

دباؤ اور مایوسی جدید دور کا اہم مسئلہ

کھلی بات

پروفیسر ڈاکٹر صائمہ جبین مہک

jdrsaaima@gmail.com

آج کے جدید دور میں جہاں ترقی اور سہولیات کی بہتات ہے ، وہیں دباؤ اور مایوسی جیسے مسائل بھی تیزی سے بڑھ رہے ہیں۔ یہ دو عوامل نہ صرف ہماری ذہنی اور جسمانی صحت کو متاثر کر رہے ہیں بلکہ ہماری سماجی زندگی، تعلقات، اور کارکردگی پر بھی منفی اثرات ڈال رہے ہیں۔ دباؤ اور مایوسی کو سمجھنا اور ان پر قابو پانا اس تیز رفتار زندگی میں کامیابی کے لیے انتہائی ضروری ہے۔

ہم سمجھتے ہیں کہ آخر دباؤ ہے کیا،

دباؤ ایک ایسی حالت ہے جس میں انسان خود کو مشکل یا چیلینجنگ حالات کا سامنا کرتے ہوئے بے بس اور غیر مطمئن محسوس کرتا ہے۔ یہ ایک ذہنی اور جذباتی ردعمل ہوتا ہے جو جسمانی اور ذہنی دباؤ کے تحت پیدا ہوتا ہے۔ دباؤ کی حالت میں، انسان کے جسم میں کچھ کیمیائی تبدیلیاں ہوتی ہیں جو اسے مقابلے یا فرار کی حالت میں ڈال دیتی ہیں۔ یہ تبدیلیاں انسانی دماغ اور جسم کو چوکنا کرتی ہیں تا کہ وہ مشکل صورتحال کا سامنا کر سکے۔

دباؤ کی کئی اقسام ہیں جن میں کچھ روزمرہ کے مسائل سے پیدا ہونے والا دباؤ ہوتا ہے، جیسے کہ کام کی زیادتی، وقت کی کمی، یا مالی مشکلات۔ جبکہ کچھ دباؤ شدید نوعیت کے ہوتے ہیں جو بڑے واقعات یا زندگی کی مشکلات سے پیدا ہوتے ہیں، جیسے کہ کسی عزیز کی موت، ملازمت کا کھونا، یا زندگی کے اہم فیصلے ۔ اس کے مقابلے میں مایوسی ایک نفسیاتی کیفیت ہے جس میں انسان خود کو ناکامی، بے بسی، اور غم کی حالت میں محسوس کرتا ہے۔ مایوسی اس وقت پیدا ہوتی ہے جب انسان کی توقعات پوری نہیں ہوتیں، یا وہ کسی مقصد میں کامیاب نہیں ہو پاتا۔ یہ ایک طویل المدت کیفیت بھی ہو سکتی ہے جو انسان کے رویے اور سوچ کو منفی انداز میں متاثر کرتی ہے۔

مایوسی کی حالت میں انسان خود کو دنیا سے کٹا ہوا محسوس کرتا ہے اور اسے زندگی بے مقصد نظر آتی ہے ۔ اس کے علاوہ، مایوسی انسان کی خوداعتمادی کو بھی متاثر کرتی ہے اور اسے اپنے مستقبل کے بارے میں مایوس کر دیتی ہے۔

دباؤ اور مایوسی کی کئی وجوہات ہوسکتی ہیں، اور یہ ہر فرد کے لیے مختلف ہو سکتی ہیں۔ تاہم، اس آرٹیکل میں کچھ عمومی وجوہات کا جائزہ لیں گے ۔ موجودہ دور میں معاشرتی توقعات بہت زیادہ بڑھ گئی ہیں۔ ہر فرد سے توقع کی جاتی ہے کہ وہ کامیاب ہو، بہتر زندگی گزارے، اور معاشرتی پیمانوں پر پورا اترے ۔ اس دباؤ میں انسان خود کو اکثر ناکافی محسوس کرتا ہے اور جب وہ ان توقعات کو پورا نہیں کر پاتا تو مایوسی کا شکار ہو جاتا ہے ۔ طلباء پر تعلیمی دباؤ کا سامنا کرنا ایک عام بات ہے۔ امتحانات، گریڈز، اور مستقبل کی کامیابی کے دباؤ نے نوجوانوں کو ذہنی دباؤ میں مبتلا کر دیا ہے ۔ والدین کی توقعات اور معاشرتی دباؤ کی وجہ سے طلباء خود کو اکثر غیر مطمئن محسوس کرتے ہیں۔ مالی مشکلات بھی دباؤ اور مایوسی کی اہم وجوہات میں شامل ہیں۔ معاشی دباؤ، قرضے ، یا معاشی بحران جیسے مسائل انسان کو بے بس کر سکتے ہیں، جس سے اس کی ذہنی صحت پر منفی اثر پڑتا ہے۔ رشتوں میں مسائل، ازدواجی زندگی کی مشکلات، یا دوستوں اور خاندان کے ساتھ تعلقات کی خرابی بھی دباؤ اور مایوسی کا سبب بن سکتی ہے۔ ملازمت پیشہ افراد پر کام کی زیادتی، ڈیڈ لائنز، اور کارکردگی کے دباؤ نے دباؤ اور مایوسی کو عام کر دیا ہے۔ ہر ملازم سے توقع کی جاتی ہے کہ وہ اپنے کام میں بہترین کارکردگی دکھائے ، جو کبھی کبھار دباؤ کا باعث بن جاتا ہے۔

دباؤ اور مایوسی کے نتائج نہایت سنجیدہ اور دور رس ہو سکتے ہیں۔ ان کا اثر نہ صرف انسان کی ذہنی اور جسمانی صحت پر پڑتا ہے بلکہ اس کی زندگی کے ہر پہلو پر بھی اثر انداز ہوتا ہے ۔ دباؤ اور مایوسی کی حالت میں انسان کو ذہنی بیماریوں کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے ، جیسے کہ ڈپریشن، انزائٹی، اور پینک اٹیکس۔ یہ حالتیں انسان کی زندگی کو مشکل بنا سکتی ہیں اور اسے عام زندگی گزارنے میں رکاوٹ ڈال سکتی ہیں ۔ دباؤ اور مایوسی کے جسمانی اثرات بھی ہو سکتے ہیں، جیسے کہ ہائی بلڈ پریشر، دل کی بیماری، اور قوت مدافعت میں کمی۔ یہ مسائل انسان کی مجموعی صحت کو متاثر کر سکتے ہیں۔ دباؤ اور مایوسی کی حالت میں انسان خود کو دوسروں سے الگ تھلگ محسوس کرتا ہے۔ اس کا اثر اس کے تعلقات پر بھی پڑتا ہے، جس سے وہ سماجی طور پر تنہا ہو جاتا ہے ۔ کام کا دباؤ انسان کی کارکردگی کو متاثر کر سکتا ہے ۔ جب انسان ذہنی دباؤ کا شکار ہوتا ہے تو وہ اپنے کام میں توجہ مرکوز نہیں کر پاتا اور اس کی کارکردگی متاثر ہوتی ہے۔

دباؤ اور مایوسی سے نجات کے کئی طریقے ہیں جن پر عمل کر کے انسان اپنی زندگی کو بہتر بنا سکتا ہے۔ مثبت سوچ اور خود اعتمادی دباؤ اور مایوسی سے نجات میں اہم کردار ادا کر سکتی ہے ۔ زندگی کے مسائل کو مثبت انداز میں دیکھنا اور ان کا سامنا کرنا انسان کو ذہنی دباؤ سے بچا سکتا ہے ۔ ورزش اور جسمانی سرگرمیاں ذہنی دباؤ کو کم کرنے میں مددگار ثابت ہوتی ہیں۔ یوگا، مراقبہ، اور دیگر جسمانی سرگرمیاں انسان کے دماغ کو سکون فراہم کرتی ہیں اور اسے دباؤ سے نجات دلانے میں مدد کرتی دوستوں اور خاندان کے ساتھ وقت گزارنا اور اپنے مسائل کو ان کے ساتھ شیئر کرنا دباؤ اور مایوسی کو کم کرنے میں مددگار ثابت ہوتا ہے ۔ سماجی حمایت انسان کو احساس دلانے میں مدد کرتی ہے کہ وہ اکیلا نہیں ہے اور اس کے ساتھ مددگار افراد موجود ہیں۔ اگر دباؤ اور مایوسی شدید ہو جائے تو پیشہ ورانہ مدد حاصل کرنا ضروری ہے ۔ ماہر نفسیات یا تھراپسٹ سے رابطہ کر کے انسان اپنی مشکلات پر قابو پا سکتا ہے۔ خود کو معاشرتی توقعات کے دباؤ سے آزاد کرنا بھی ضروری ہے ۔ انسان کو اپنی قابلیتوں اور حدوں کو سمجھنا چاہیے اور اپنی زندگی کو اپنی مرضی کے مطابق گزارنے کی کوشش کرنی چاہیے۔

دباؤ اور مایوسی ایک حقیقت ہیں جن کا سامنا ہر انسان کو کسی نہ کسی وقت کرنا پڑتا ہے ۔ یہ زندگی کا حصہ ہیں، لیکن ان کا مطلب یہ نہیں کہ ہم ان کے سامنے ہار مان لیں۔ مثبت سوچ، سماجی حمایت، اور خود اعتمادی کے ذریعے ہم ان مسائل پر قابو پا سکتے ہیں اور اپنی زندگی کو خوشگوار بنا سکتے ہیں۔

ضرورت اس بات کی ہے کہ ہم اپنی زندگی کے مقصد کو پہچانیں اور اسے حاصل کرنے کی کوشش کریں۔ دباؤ اور مایوسی کو زندگی کا حصہ سمجھیں اور ان کے ساتھ جینے کا فن سیکھیں تا کہ ہم اپنی زندگی کو بہتر بنا سکیں اور خوشگوار لمحات کا پوری طرح سے لطف اٹھا سکیں۔

ہماری جدوجہد آزادی

رابعہ رحمان

اردو شاعروں کی ایک معتدبہ تعداد قومی سیاسی تحریکوں کے ہر دور میں آزاد اسلامی ریاست تصور کو پیش کرتی آئی تھی۔ بیسویں صدی میں جب مسلمانوں کی قومی اور سیاسی تحریکات اور ان کے اتحاد اسلامی اور ہندوستان میں آزاد اسلامی ریاست کی تشکیل کے تصورات ایک اہم مرحلہ میں داخل ہوئے تو اردو کے بعض شعراء نے شاعری کو ایسے تصورات کی تشہیر اور تبلیغ کا ذریعہ بنایا۔ اقبال اہم شاعر تھے جنہوں نے کم سے کم شمال مغرب کے مسلمانوں کیلئے ایک متحد شمالی مغربی ہندوستان مسلم ریاست کو مقدر سمجھ لیا۔

دوسری بیشتر شاعروں کی شاعری اور علمی جدوجہد پاکستان کیلئے وقف رہی۔ ظفر علی خان پہلے کانگریس میں شامل تھے لیکن کانگریس کے اجلاس کراچی منعقدہ 1936ء میں نماز عصر کے موقع پر اجلاس ملتوی نہ کرنے کے سبب وہ کانگریس سے علیحدہ ہوگئے تھے۔

پھر 1946ء کے عام انتخابات میں حصہ لیا اور منتخب ہوئے۔ مسلم لیگ کو فعال بنانے میں ان کی خدمات نمایاں ہیں۔ اس دور میں ان کی شاعری کے موضوعات ان کی عملی جدوجہد کے مطابق ہیں اور سیاسی شعور بیدار کرنا انہیں اپنے حقوق کیلئے مستعد بنانا اور اپنے مقاصد کی بجا آوری کیلئے آمادہ کرنا ان کے خاص مقاصد اور موضوعات شاعری تھے۔

جوش نے شاعری میں تحریک آزادی کے ضمن میں اپنے جذبات کا بھرپور اظہار کیا ہے ۔ اس دور میں انقلاب، سامراجیت کی مخالفت، حصول آزادی ان کے مخصوص موضوعات تھے ۔ اپنی ایک اہم نظم" وقت کی آواز" میں مسلم لیگ کی جدوجہد کی تائید کی ہے۔ اس میں مادر وطن، چھوٹی بہن لیگ کے بارے میں بڑی بہن کانگریس کو مخاطب کر کے کہتے ہیں۔

کہتی نہیں کہ لعل و گہر اس کو بخش دے
، جو گھر وہ مانگتی ہے وہ گھر اس کو بخش دے
، آنکھوں میں گھس رہی ہے اری جوتیوں سمیت، خود دیکھ اپنے اس کے ترانوں میں
اختلاف، وہموں میں اختلاف گمانوں میں
اختلاف، قصوں میں اختلاف فسانوں میں
اختلاف، لہجوں میں اختلاف زبانوں میں
اختلاف، تم میں ہر ایک چیز جدا ہر چلن
جدا، دونوں کے پھول پات جدا ہیں چمن
جدا، ذیدوں سے آسمان کے لب تو سئے
ہوئے ، وہ اس زمین پر ہے حکومت کئے
ہوئے ، یہ تو غلط کہ اس کی ضرورت نہیں
کوئی، پر ساتھ رہنے کی ابھی صورت نہیں
کوئی۔

دیگر ترقی پسند شاعر 1945 تک پاکستان کی تشکیل کے حق میں تھے ۔ کسی نامور اور اہم ترقی پسند شاعر کے کلام میں جو انجمن ترقی پسند مصنفین سے وابستہ رہا ہو پاکستان کی حمایت وتائید موجود نہیں ہے ۔ صرف مجاز ایک ایسا شاعر ہے جس کے کلام میں پاکستان کا ملی ترانہ ملتا ہے ۔ آزادی کی دھن میں کس نے آج ہمیں للکارا، خیبر کے گردوں پر چمکا ایک ہلال ایک تارا، سبز ہلالی پرچم لے کر نکلا لشکر سارا، پربت کے سینے سے پھوٹا کیسا سرکش دھارا، پاکستان ہمارا، پاکستان ہمارا، پاکستان ہمارا۔ یہ ترانہ ان کے مجموعہ کلام شب تاب میں شائع ہوا جو آہنگ کا اضافہ شدہ تیسرا ایڈیشن تھا 1945ء میں شائع ہوا تھا۔ ایک قابل ذکر بات یہ ہے کہ مجاز نے اس کا انتساب 23 مارچ 1945ء کو لکھا تھا۔ 23 مارچ کے بجائے انہوں نے یوم پاکستان لکھنا پسند کیا۔ عبارت کی ترتیب یوں ہے۔

یوم پاکستان - ولی - مارچ 1945۔

اس دور کے اکابر شعرا میں عبدالمجید سالک، غلام بھیک نیرنگ، میاں بشیر احمد وغیرہ عملی سیاست میں شریک رہے اور حصول پاکستان کی جدوجہد میں مختلف حیثیتوں سے شامل رہے۔ ماہر القادری، نعیم صدیقی، جالندھری، قوم کے سیاسی نصب العین کو اپنی نظموں کے ذریعے عام کرتے رہے ۔ ان کے علاوہ لاتعداد ایسے غیر معروف شاعروں نے اپنے جذبات وتصورات کو شاعری میں پیش کیا جو پاکستان سے متعلق تھے ۔ حصول پاکستان کے تعلق سے اپنے عزم اور ولولہ کو بیان کیا۔ پاکستان کیلئے ترانے تحریر کئے اور قائدین پر قصیدے لکھے۔

محمود اسرائیلی نے جدوجہد آزادی اور مسلمانوں کی بیداری کو اپنی شاعری کا موضوع بنایا تھا۔ ان کے مجموعہ کلام ملک وملت میں مذکورہ موضوعات اور آزاد اسلامی ریاست کے تصورات بھی ملتے ہیں۔

اپنی نظم مسلم لیگ میں اس کو مخاطب کر کے کہتے ہیں۔ جادۂ حق سے ترا ایک قدم بھی نہ ہٹے ، کہ تجھے حق کیلئے جان فدا کرنا ہے، تیرے نعروں میں بھی وحدت کے ترانے ہیں، حق اسلام مگر تجھ کو ادا کرنا ہے ۔ عارف سیالکوٹی نے پاکستان کے تعلق سے بکثرت نظمیں تحریر کی تھیں۔ ان کی ایسی نظموں کا مجموعہ لے کے رہیں گے پاکستان کے نام سے شائع ہوا تھا۔ اس میں صرف ایک نظم پاکستان مسلمانوں سے خطاب کلیم انصاری کی ہے باقی تمام نظمیں عارف سیالکوٹی کی تحریر کردہ ہیں۔

تجھ سے روشن ہے جہاں میں نام پاکستان کا
تیرے لب پر دل کشا پیغام پاکستان کا
(کوثر امروہوی)

ڈاکٹر معین کی یہ تحریر قابل توجہ ہے۔

اسی انداز کا ایک مجموعہ نظم ‘‘نغمات پاکستان’’ کے نام سے امتیاز جہاں بیگم رحمٰن نے مرتب کر کے شائع کیا تھا۔ اس میں پاکستان اور تحریک پاکستان کے تعلق سے لکھی جانے والی معروف اور غیر معروف شاعروں کی نظمیں شامل ہیں جیسے کہ جذبات کا جس طرح اظہار کیا تھا اسکے چند نمونے دیکھتے ہیں۔

لے کے اٹھے ہیں عزم مصمم زندہ باد اے پاکستان، پی کے رہیں گے کوثر و زم زم زندہ باد اے پاکستان
(اصغر سودائی)

وہ دن گزرے جب ہندوستان کو ہندوستان سب کہتے تھے،
اب اس کا گوشہ گوشہ پاکستان ہے ہندوستان نہیں۔
(ریاست علی خان ریاست)

جدوجہد آزادی اور لہو کی حدت تیز کرنے والی نظمیں ہماری نوجوان نسل کو ازبر ہونی چاہیئں اور جس طرح ہمارے گلوکاروں نے انہیں بھرپور انداز میں گایا ہے انہیں سننا چاہیے۔

لے کے رہیں گے پاکستان کا نعرہ سب کی زبانوں رہتا ہے اور کانوں میں گونجتا ہے۔

شوبز SHOWBIZ

فلم ’زیرو‘ کی ناکامی کے بعد اداکاری چھوڑنے کا فیصلہ کرلیا تھا، شاہ رخ خان

انٹرویو میں سال 2018 کی اپنی فلاپ فلم ’زیرو‘ کی ناکامی کے بارے میں کھل کر بات کی



ممبئی (این این آئی) 3 دہائیوں سے بھارتی فلم انڈسٹری پر راج کرنے والے بالی وڈ کنگ شاہ رخ خان نے انکشاف کیا ہے کہ انہوں نے اپنی فلم ’زیرو‘ کی ناکامی کے بعد عارضی طور پر اداکاری چھوڑنے کا فیصلہ کرلیا تھا۔ بھارتی میڈیا کے مطابق شاہ رخ خان نے اپنے حالیہ انٹرویو میں سال 2018 کی اپنی فلاپ فلم ’زیرو‘ کی ناکامی کے بارے میں کھل کر بات کی۔ شاہ رخ خان نے کہا کہ فلم ’زیرو‘ کی ناکامی نے میرے کیریئر پر گہرا اثر ڈالا تھا، میں نے اس ناکامی کے بعد کچھ عرصے کے لیے فلموں سے وقفہ لینے کا فیصلہ کرلیا

عالیہ بھٹ نہیں بننا چاہتی، شروری واگھ

شروری واگھ اور جان ابراہم کی ’ویدا‘ سینما گھروں کی زینت بنی ہے

ممبئی (این این آئی) بالی ووڈ اداکارہ شروری واگھ نے اپنی فلم ’الفا‘ کی ساتھی اداکارہ عالیہ بھٹ سے موازنے پر اپنی رائے کا اظہار کردیا۔ بھارتی میڈیا رپورٹس کے مطابق ’منجے‘ اور ’مہاراج‘ جیسی فلموں میں اداکاری کے بعد ’ویدا‘ میں شروری واگھ کی اداکاری کو مداحوں کی جانب سے بھرپور پذیرائی مل رہی ہے۔ شائقین کا یہ بھی کہنا ہے کہ شروری واگھ انڈسٹری کی اگلی عالیہ بھٹ ہو سکتی ہیں۔ بھارتی میڈیا آؤٹ لیٹ کو انٹرویو دیتے ہوئے شروری واگھ نے کہا کہ وہ اگلی عالیہ بھٹ نہیں بننا چاہتیں بلکہ ان کا مقصد خود کو پہچاننا ہے۔

تینوں میں کوئی بھی خان ان کا پسندیدہ نہیں، اداکارہ کنگنا رناوت

تینوں خانز کی صلاحیتوں کو سامنے لانا چاہتی ہوں، کنگنا کی سپر اسٹارز کیلئے فلم بنانے کی خواہش

ممبئی (این این آئی) اپنے متنازع بیانات اور تنقید کی وجہ سے خبروں کی زینت رہنے والی بالی وڈ اداکارہ کنگنا رناوت فلم انڈسٹری پر راج کرنے والے سلمان، عامر اور شاہ رخ خان کے لیے فلم بنانے کی خواہش مند ہے۔ بھارتی میڈیا کے مطابق کنگنا رناوت کی فلم ’ایمرجنسی‘ کا ٹریلر ریلیز ہوگیا ہے جس کی ہدایت کاری خود انہوں نے ہی کی ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق ٹریلر کی افتتاحی تقریب میں سلمان، عامر اور شاہ رخ خان کے حوالے سے اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کنگنا رناوت نے بتایا کہ تینوں میں کوئی بھی خان ان کا پسندیدہ نہیں ہے۔

اداکارہ نمرہ خان نے اپنے اغوا کی کوشش ناکام بنا دی

اسلحے کے زور پر انہیں زبردستی کھینچ کر گاڑی میں بٹھانے کی کوشش کی

کراچی (این این آئی) اداکارہ نمرہ خان نے مزاحمت کر کے اپنے اغوا کی کوشش ناکام بنا دی۔ نمرہ خان نے سوشل میڈیا پر ویڈیو میں انکشاف کیا کہ ایک روز قبل انہیں اغوا کرنے کی کوشش کی جسے انہوں نے مزاحمت کر کے ناکام بنا دیا۔ اداکارہ واقعے کی تفصیل بتاتے ہوئے رو پڑیں۔ نمرہ خان کے مطابق وہ ایک ہوٹل کے باہر اپنی گاڑی کا انتظار کر رہی تھیں کہ 3 مسلح افراد نے ان کے قریب گاڑی روکی اور اسلحے کے زور پر انہیں زبردستی کھینچ کر گاڑی میں بٹھانے کی کوشش کی۔

انٹرنیٹ کی سست رفتار، مشی خان حکومت پر برس پڑیں

کراچی (این این آئی) پاکستانی اداکارہ مشی خان ملک بھر میں انٹرنیٹ کی سست رفتار پر حکومت پر برس پڑیں۔ فوٹو اینڈ ویڈیو شیئرنگ پلیٹ فارم انسٹاگرام پر یوم آزادی کے موقع پر ویڈیو پیغام جاری کرتے ہوئے انٹرنیٹ کی سست رفتار پر مایوسی کا اظہار کیا۔ انہوں نے کہا کہ اس وقت ملک میں انٹرنیٹ کی رفتار کراچی سے اسلام آباد جانے والی ٹرین سے بھی سست چل رہا ہے، ایک پیغام ڈیڑھ دن میں جا رہا ہے۔ اداکارہ نے سوال اُٹھاتے ہوئے کہا کہ بیشتر کاروبار کا دارو مدار انٹرنیٹ پر ہے، وہ اس سست رفتار کی وجہ سے ایسے کاروبار کس طرح کام کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہم اتنے ٹیکس ادا کر رہے ہیں لیکن پھر بھی انٹرنیٹ کی سروس نہیں مل رہی۔

رنبیر کپور سے موازنہ کیے جانے پر شہزاد نواز کا ردعمل

پاکستانی اداکار وفلمساز کو ’پاکستانی رنبیر کپور‘ یا بھارتی اداکار کا ’پرانا ورژن‘ قرار دیا جاتا ہے

کراچی (این این آئی) معروف پاکستانی اداکار و فلمساز شہزاد نواز نے بالی وڈ فلم اسٹار رنبیر کپور کے ساتھ اپنا موازنہ کیے جانے پر ردعمل کا اظہار کر دیا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق شہزاد نواز سے ایک پوڈکاسٹ میں پوچھا گیا کہ لوگ اکثر آپ کا موازنہ بھارتی اداکار سے کرتے ہیں جس پر انہوں نے ناراضی کا اظہار کیا۔ شہزاد نواز نے کہا کہ رنبیر کپور سے موازنہ کیے جانے پر اچھا نہیں لگتا، مجھے کسی بھی قسم کی خوشی نہیں ہوتی اور نہ میں سن کر پُرجوش ہوتا ہوں۔ سوشل میڈیا پر پاکستانی اداکار وفلمساز کو ’پاکستانی رنبیر کپور‘ یا بھارتی اداکار کا ’پرانا ورژن‘ قرار دیا جاتا ہے۔

استاد نصرت فتح علی خان کو مداحوں سے بچھڑے 27 برس بیت گئے

نصرت فتح علی خاں کی قوالی کے 125 سے زائد آڈیو البم جاری ہوئے

لاہور (این این آئی) موسیقی کے بے تاج بادشاہ استاد نصرت فتح علی خان کو اپنے مداحوں سے جدا ہوئے 27 برس بیت گئے۔ ایکسپریس نیوز کے مطابق پاکستان اور بھارت میں یکساں مقبول نامور موسیقار نصرت فتح علی خان نے اپنے طویل کیریئر کے دوران عارفانہ کلام، گیتوں، غزلوں اور قوالیوں سے دنیا کو اپنا گرویدہ بنائے رکھا، فنی خدمات پر صدارتی ایوارڈ سمیت متعدد ملکی اور عالمی اعزازات سے بھی نوازا گیا۔ شہنشاہ قوالی نے فیصل آباد کے ایک قوال گھرانے میں 13 اکتوبر 1948 کو آنکھ کھولی، 16 سال کی عمر میں قوالی کا فن سیکھا، قوالی کے ساتھ غزلیں، کلاسیکل اور صوفی گیت بھی گائے۔ نصرت فتح علی خان صوفیانہ کلام کو اس مہارت سے گاتے تھے کہ سننے والوں پر وجد طاری ہو جاتی۔

SPORTS سپورٹس

سابق کرکٹر نے رینکنگ پر سوالات اٹھا دیئے

بابر اعظم پہلے، روہت شرما دوسرے، شمن گل تیسرے جبکہ ویرات کوہلی چوتھے نمبر موجود ہیں

اسلام آباد (اے ایف پی) قومی ٹیم کے سابق کرکٹر باسط علی نے انٹرنیشنل کرکٹ کونسل (آئی سی سی) کی رینکنگ پر سوالات اٹھا دیئے، اپنے یوٹیوب چینل پر سابق کرکٹر باسط علی نے رینکنگ کے حوالے سے اپنے شکوک و شبہات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ آئی سی سی کے مذموم مقاصد ہوسکتے ہیں، انہوں نے خوش اسلوبی سے کہا کہ گورننگ باڈی بابر اعظم کو نمبر ون پوزیشن پر رکھ سکتی ہے تا کہ ان کی مزید بہتری میں رکاوٹ پیدا ہوسکے جبکہ شمن گل کی رینکنگ کے جواز پر بھی سوال اٹھایا، آئی سی سی کی رینکنگ ون ڈے مینز رینکنگ میں بابر اعظم پہلے، روہت شرما دوسرے، شمن گل تیسرے جبکہ ویرات کوہلی چوتھے نمبر موجود ہیں، باسط علی آئی سی سی پر اپنی تنقید سے باز نہیں آئے، خاص طور پر بابر اعظم کی حالیہ کارکردگی کو اجاگر کرتے ہوئے کہا کہ انہوں نے آخری ون ڈے میچ پچھلے سال کے ورلڈ کپ کے دوران کھیلا تھا جہاں وہ سنچری بنانے میں ناکام رہے جبکہ اس دوران دیگر بیٹرز جن میں راچن رویندرا، کوئنٹن ڈی کاک، ٹریوس ہیڈ، اور

پی ایس بی جشن آزادی کھیلوں کے مقابلے اسلام آباد میں اختتام پذیر

اسلام آباد (اے ایف پی) پاکستان سپورٹس بورڈ، اسلام آباد کے زیر جشن آزادی کھیلوں کے مقابلے پاکستان سپورٹس کمپلیکس اسلام آباد میں اختتام پذیر ہوگئے ہیں۔ ان مقابلوں میں ہاکی، باسکٹ بال، فٹ بال، فٹ سال، والی بال، آرچری، کراٹے، جوڈو شامل تھے۔ ان مقابلوں کی مختلف مقامات پر اختتامی تقریبات منعقد ہوئیں۔ ان تقریبات کے مہمان خصوصی وفاقی [illegible] جیز شاہد اسلام، سید نوید الرحمٰن اور ڈائریکٹر ایڈمن احتشام الحق بھی موجود تھے۔ پاکستان سپورٹس بورڈ کے زیر اہتمام چاروں صوبائی کوچنگ سنٹر لاہور، پشاور، کوئٹہ اور کراچی میں بھی جشن آزادی کے سلسلہ میں کھیلوں کے مقابلے یکم اگست سے 30 اگست تک جاری رہیں گے۔ کھیلوں کے مقابلوں میں حصہ لینے والے کھلاڑیوں کی کثیر تعداد نے پاکستان سپورٹس بورڈ کے اس اقدام کو [illegible]

AZADI MARATHON
PAY: 1ST POSITION
12KM (FEMALE)
RS: ONE LAC FIFTY THOUSAND ONLY
PKR 150,000
NEW YORK

لاہور: صوبائی وزیر کھیل فیصل ایوب کھوکھر میراتھن اور فیملی فن ریس کی تقریب تقسیم انعامات کے موقع پر میڈیا سے گفتگو کر رہے ہیں۔ (فوٹو این این آئی)

راشد خان انجری کے باعث دی ہنڈرڈ لیگ سے باہر ہوگئے

آسٹریلوی اسپن بولنگ آل راؤنڈر کرس گرین کو ٹیم میں شامل کرلیا گیا

کابل (اے ایف پی) افغانستان کے سٹار آل راؤنڈر راشد خان انجری کے باعث دی ہنڈرڈ لیگ کے بقیہ میچز سے باہر ہوگئے ، رپورٹس کے مطابق افغان آل راؤنڈر راشد خان ہیمسٹرنگ انجری کی وجہ سے دی ہنڈریڈ 2024 کے جاری ایڈیشن کے بقیہ میچز سے باہر ہوگئے ہیں، راشد خان ایونٹ میں ٹرینٹ راکٹس فرنچائز کی نمائندگی کر رہے تھے، لیگ اسپنر کو 10 اگست کو سدرن بریو کے خلاف اپنی ٹیم کے پچھلے میچ کے دوران آخری اوور میں فیلڈنگ کرتے ہوئے چوٹ لگی تھی، آسٹریلوی اسپن بولنگ آل راؤنڈر کرس گرین جو تین بار آئی پی ایل جیتنے والی فرنچائز کلکتہ نائٹ رائیڈرز کے لیے بھی کھیل چکے ہیں کو راشد خان کی جگہ ٹیم میں شامل کرلیا گیا ہے، ٹرینٹ راکٹس ابھی بھی مقابلے میں ہیں اور ناک آؤٹ مرحلے کے لیے کوالیفائی کر سکتے ہیں کیونکہ ان کے ابھی لیگ مرحلے کے دو میچ باقی ہیں۔

نوید اکرم چیمہ کو پاکستان کرکٹ ٹیم کا مینجر مقرر کرنے کا فیصلہ

لاہور (اے ایف پی) نوید اکرم چیمہ کو پاکستان کرکٹ ٹیم کا مینجر مقرر کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے، نوید اکرم چیمہ دورہ آسٹریلیا اور نیوزی لینڈ میں ٹیم مینجر تھے، اس سے قبل ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ تک وہاب ریاض سینئر مینجر اور منصور رانا مینجر رہے تھے جب کہ ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ میں خراب پرفارمنس پر وہاب ریاض اور منصور رانا کو ہٹایا گیا تھا، ذرائع کے مطابق پاکستان ٹیم مینجمنٹ کا اعلان ایک دو روز میں متوقع ہے، واضح رہے کہ رواں برس جولائی میں قومی کرکٹ ٹیم کی سلیکشن کمیٹی سے وہاب ریاض اور عبدالرزاق کو فارغ کیے۔

بنگلہ دیش کرکٹ بورڈ کے صدر نظم الحسن کی اپنے عہدے سے سبکدوش ہونے کی تیاری

ڈھاکا (اے ایف پی) بنگلہ دیش کرکٹ بورڈ (بی سی بی) کے حکام نے عندیہ دیا ہے کہ بورڈ کے صدر نظم الحسن اپنے عہدے سے سبکدوش ہونے کی تیاری کر رہے ہیں، میڈیا رپورٹس کے مطابق بی سی بی کے صدر نظم الحسن چوتھی مدت میں مبینہ طور پر اصلاحات کے نفاذ کیلئے حکومتی تعاون چاہتے ہیں، 5 اگست سے بورڈ کے کئی دیگر ڈائریکٹرز، جنہیں سابق وزیر اعظم شیخ حسینہ کی حمایت حاصل ہے، بھی روپوش ہوگئے ہیں، اسی طرح 14 اگست کو ڈھاکہ میں رہ جانے والے چند ڈائریکٹرز نے اپنے اگلے اقدامات کا فیصلہ کرنے کیلئے میٹنگ رکھی ہے، دریں اثنا، بی سی بی کے بہت سے سابق عہدیدار اور کرکٹ منتظمین شیر بنگلہ نیشنل کرکٹ اسٹیڈیم میں بی سی بی کے صدر نظم الحسن سے مستعفی ہونے کا مطالبہ کیا ہے، دوسری جانب بنگلہ دیش میں سیاسی بدامنی کے آغاز کے بعد سے حسن اپنی اہلیہ کے ساتھ لندن میں مقیم ہیں۔

گولڈ میڈل جیتنے پر بھینس دی، 5 ایکڑ زمین دے دیتے، ارشد ندیم کی سسر سے خواہش

اسلام آباد (آے ایف بی) پیرس اولمپکس میں پاکستان کو تاریخی فتح دلوانے والے ارشد ندیم نے اپنے سسر کی جانب سے دیے جانیوالے تحفے کے بارے میں بتایا ہے، اولمپک گولڈ میڈلسٹ ارشد ندیم کو ان دنوں پاکستان بھر سے انعامات سے نوازا جا رہا ہے اور کچھ روز قبل ان کے سسر نے بھی داماد کے لیے تحفے میں بھینس دینے کا اعلان کیا تھا، مقامی میڈیا سے گفتگو کے دوران ارشد کے سسر نے کہا تھا کہ جیت کی خوشی میں وہ اپنے داماد کو دودھ دینے والی بھینس تحفے میں دیں گے، اس تحفے سے متعلق جب نجی ٹی وی کو دیے گئے انٹرویو میں ارشد ندیم کی اہلیہ سے سوال پوچھا گیا تو انہوں نے بتایا کہ والد کے بھینس تحفے میں دینے سے متعلق مجھے بھی ان کا انٹرویو سن کر پتا چلا، اس دوران ارشد نے مزاحیہ انداز میں گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ جب مجھے سسر کے بھینس دینے کے اعلان کا پتا چلا۔

بنگلہ دیش کرکٹ ٹیم دو ٹیسٹ میچز کی سیریز کیلئے لاہور پہنچ گئی

ٹیسٹ سیریز کے پہلے ٹیسٹ میچ کے لیے 21 اگست کو راولپنڈی کرکٹ اسٹیڈیم میں قدم رکھے گی

لاہور (اے ایف پی) بنگلا دیش کی کرکٹ ٹیم پاکستان کے خلاف دو ٹیسٹ میچز کی سیریز کھیلنے کے لیے لاہور کے علامہ اقبال ایئرپورٹ پہنچ گئی، بنگلا دیش ٹیم کی آمد کے موقع پر سیکورٹی کے سخت انتظامات کیے گئے تھے، مہمان ٹیم پولیس اور دیگر قانون نافذ اداروں کئے حصار میں ایئرپورٹ سے نجی ہوٹل پہنچ گئی ہے، شیڈول کے مطابق مہمان ٹیم نے گزشتہ روز آرام کیا اور (آج) 14 اگست سے سیریز کی تیاری کرے گی، لاہور کے قذافی اسٹیڈیم میں 3 دن تک ٹریننگ کے بعد بنگلا دیش کی ٹیم اسلام آباد روانہ ہوگی، مہمان ٹیم ٹیسٹ سیریز کے پہلے ٹیسٹ میچ کے لیے 21 اگست کو راولپنڈی کرکٹ اسٹیڈیم میں قدم رکھے گی۔

اسلام آباد: پاکستان شاہینز کے کھلاڑی اسلام آباد کلب میں پریکٹس سیشن میں حصہ لے رہے ہیں۔ (فوٹو این این آئی)

بقیہ 1

وہ دکھ کی گھڑی میں سید ظفر ہاشمی اور ان کے خاندان کے دکھ میں برابر کے شریک ہیں۔ انہوں نے اللہ تعالی سے مرحومہ کے درجات کی بلندی اور سید ظفر ہاشمی اور ان کے خاندان کو اس نا قابل تلافی نقصان کو برداشت کرنے کیلئے صبر وجمیل عطا فرمانے کی دعا کی۔

بقیہ 2

بننے والی صورتحال پر تشویش میں ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ اسرائیل نے غزہ میں 40 ہزار انسانوں کا قتل عام کیا، پاکستان غزہ میں جاری صورتحال پر تشویش کا اظہار کرتا ہے، اسرائیل کی جانب سے نمازیوں پر حملہ قابل مزمت ہے، یہ جنیوا سمیت اقوام متحدہ کی قوانین کی خلاف ورزی ہے۔ ممتاز زہرا بلوچ کا کہنا تھا کہ ایران کو اپنی دفاع کرنے کا بھرپور حق حاصل ہے، غزہ میں اسرائیل کیمظالم جاری ہیں، اسرائیل کا اس طرح کی کارروائیوں پر احتساب کرنا چاہیے۔ ترجمان دفتر خارجہ نے کہا کہ بھارت کشمیر میں جنگی جرائم میں ملوث ہے، بھارت کشمیر میں انسانی نسل کشی میں ملوث ہے، کشمیر میں بھارت کی جانب سے 4 افراد کا قتل قابل مذمت ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان اور ترکی کے درمیان دوطرفہ تعلقات کے حوالے سے ساتویں ڈائیلاگ کا انعقاد اسلام آباد میں ہوا، ڈائیلاگ میں دوطرفہ تعلقات سمیت انفارمیشن ٹیکنالوجی، تجارت اور دیگر امور پر بات چیت ہوئی۔ امریکا میں گرفتار آصف مرچنٹ کے حوالے سے اب تک کوئی پیش رفت نہیں ہوئی، اس حوالے سے امریکی حکومت کی جانب سے کوئی معلومات فراہم نہیں کی گئی، اس معاملے پر پاکستان امریکہ کی جانب سے معلومات فراہم کرنے کا منتظر ہے۔

بقیہ 3

جسٹس پاکستان کو متفرق درخواست جمع کروادی۔ متفرق درخواست علیمہ خان اور عظمی خان نے جمع کرائی، انہوں نے درخواست میں استدعا کی کہ 190 ملین پاؤنڈز سے متعلق ریمارکس واپس لیے جائیں اور چیف جسٹس قاضی فائز عیسی عمران خان سے متعلق کوئی بھی کیس نہ سنیں۔ انہوں نے موقف اپنایا کہ ہم چیف جسٹس قاضی فائز عیسی کے خلاف مس کنڈکٹ پر جوڈیشل کونسل جانے کا حق رکھتے ہیں، چیف جسٹس قاضی فائز عیسی کے 190 ملین پاؤنڈز سے متعلق ریمارکس کیس پر اثر انداز ہوں گے۔ ان کا کہنا تھا کہ مارگلہ ہلز کیس کا 190 ملین پاؤنڈز کیس سے کوئی تعلق نہیں لیکن ان کے ریمارکس کا کیس پر اثر پڑ سکتا ہے۔

بقیہ 4

کہ فوجی تنصیبات پر حملے کرنے والے اور کروانے والے ایک ہی گینگ کے پارٹنر ہیں، اب اس میں کوئی چیز پوشیدہ نہیں رہی، 9 مئی کا ماسٹر مائنڈ کون ہے اور اسکے سہولت کار کون تھے، بانی پی ٹی آئی کے اب نقاب اترنا شروع ہوگئے ہیں۔ انہوں نے کہا ہے کہ محسن کشوں اور احسان فراموشوں کی ہر ریس میں بانی پی ٹی آئی اول نمبر پر آئے ہیں، فوج میں خوداحتسابی کا عمل خوش آئند ہے، پاکستان کے عوام پاک فوج کے سپہ سالار کے اس اقدام کو سراہتے ہیں، باقی بھی جن جگہوں پر 9 مئی کے ماسٹر مائنڈ کے سہولت کار ہیں ان اداروں کو خوداحتسابی کا عمل شروع کرنا پڑے گا۔ عظمی بخاری نے کہا ہے کہ جب تک 9 مئی کے ایک ایک کردار اور سہولت کار کو کٹہرے میں کھڑا نہیں کیا جاتا ملک آگے نہیں بڑھ سکتا، پاکستان کے عوام اس بات کا شدت سے انتظار کررہے ہیں کہ شہدا کا تمسخر اڑانے والے کب کٹہرے میں لائے جاتے ہیں۔ صوبائی وزیر اطلاعات ونشریات نے اپنے بیان میں مزید کہا ہے کہ شہدا کی مائیں بہنیں اور بیٹیاں سوا سال بعد بھی ہمارے نظام عدل کی طرف دیکھ رہی ہیں۔

بقیہ 5

سال ایف بی آر کو مجموعی طور پر 60 ارب روپے کی سبسڈی دی جائیگی، سبسڈی پر ایف بی آر رواں مالی سال تقریبا 1 ارب ٹیکس وصول کریگا۔ ذرائع ایف بی آر کا کہنا ہے کہ یوٹیلیٹی سٹورز کو دی گئی سبسڈی کو آمدن کے طور پر سمجھ کر ٹیکس لگایا گیا ہے، سبسڈی پر ٹیکس عائد کرنے کیلئے رواں مالی سال فنانس بل کا حصہ بنا دیا گیا۔ ذرائع کے مطابق نقصان میں چلنے والی کمپنیوں کی آمدن پر 1.25 فیصد ٹرن اوور ٹیکس عائد ہے۔ واضح رہے کہ ایف بی آر نے گزشتہ مالی سال یوٹیلیٹی سٹورز کے اکاؤنٹ اٹیچ کر کے 4 ارب نکالے، ایف بی آر اور یوٹیلیٹی سٹورز کے درمیان سبسڈی پر ٹیکس عائد کرنے کا تنازع ہے۔

بقیہ 6

میں 2 افراد جاں بحق جبکہ 17 زخمی ہوگئے۔ حادثے کی اطلاع ملتے ہی ریسکیو و پولیس حکام موقع پر پہنچ گئے اور لاشوں و زخمیوں کو ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر ہسپتال منتقل کر دیا۔ ریسکیو حکام کے مطابق بس سوار مسافر پارہ چنار سے زیارت کی نیت سے براستہ بلوچستان ایران وعراق کی جانب روانہ تھے کہ مخالف سمت سے آنے والے ٹرالر سے تصادم کے باعث حادثہ پیش آگیا۔ ریسکیو حکام کے مطابق زخمیوں میں کئی کی حالت تشویشناک ہے جس کے باعث ہلاکتوں میں اضافے کا خدشہ ہے۔

بقیہ 7

قائمہ کمیٹی برائے توانائی کے اجلاس میں کے الیکٹرک کی خاتون آفیسر کے لباس پر کی جانے والی نازیبا اور توہین آمیز گفتگو کی شدید الفاظ میں مذمت کی ہے۔ ڈاکٹر شاہدہ رحمانی نے اپنے بیان میں اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق سے مطالبہ کیا ہے کہ اقبال آفریدی کی رکنیت کو فوری طور پر معطل کیا جائے اور اُن کے خلاف ورک پلیس ہراسمنٹ ایکٹ کے تحت ایف آئی آر درج کی جائے۔ ڈاکٹر شاہدہ رحمانی نے کہا کہ "آج پاکستان کی معزز پارلیمان میں جو کچھ ہوا وہ انتہائی ناقابلِ برداشت ہے۔ اسلام اور پاکستان کا آئین خواتین کو مکمل آزادی اور مساوی حقوق فراہم کرتا ہے۔ اقبال آفریدی کا یہ گھٹیا عمل ایک دقیانوسی اور مجرمانہ سوچ کی عکاسی کرتا ہے جو پاکستان میں صنفی مساوات کے حصول کی راہ میں رکاوٹ بن رہی ہے۔" انہوں نے مزید کہا کہ "اس نوعیت کی حرکت کو سختی سے رد کیا جانا چاہیے۔ خواتین کو ان کے کام، تعلیم، اور قابلیت کی بنیاد پر پرکھا جانا چاہئے، نہ کہ ان کی ظاہری شکل یا لباس کی بنیاد پر۔ اس طرح کے اعتراضات ہمارے معاشرتی اقدار اور آئینی حقوق کی کھلی خلاف ورزی ہیں، اور ان کو ہرگز برداشت نہیں کیا جائے گا۔" ڈاکٹر شاہدہ رحمانی نے مزید کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی خواتین کے حقوق اور وقار کے تحفظ کے لیے ہمیشہ پیش پیش رہی ہے۔ "ہم کسی بھی ایسے عمل یا بیان کو مکمل طور پر مسترد کرتے ہیں جو خواتین کی عزت، وقار، اور پیشہ ورانہ مہارت کو نقصان پہنچانے کی کوشش کرے۔ اقبال آفریدی کی سوچ اور ان کے خیالات ان کے پارٹی لیڈر کی پلے بوائے ذہنیت کی عکاسی کرتے ہیں، جو کسی بھی مہذب معاشرے میں ناقابلِ قبول ہے۔" ویمنز پارلیمانی کاکس اس خاتون کے ساتھ ہر ممکن قانونی اور اخلاقی مدد کے لیے کھڑی ہے۔

بقیہ 8

پارلیمان مؤثر قانون سازی کے ذریعے عوام کی فلاح و بہبود اور ملک کو درپیش مسائل کو حل کرنے کے لیے پرعزم ہے، اسپیکر قومی اسمبلی صوبوں اور وفاق کے مابین ہم آہنگی اور رابطوں کا فروغ عوام کی ترقی اور خوشحالی کیلئے ضروری ہے، اسپیکر قومی اسمبلی وفاق اور صوبوں میں قریبی رابطے ملک کو درپیش مسائل کو حل کرنے میں کلیدی اہمیت کے حامل ہیں، سردار ایاز صادق گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر نے ان کے لیے نیک خواہشات کے اظہار پر اسپیکر کا شکریہ ادا کیا۔ گورنر پنجاب نے ایوان کی کارروائی کو غیر جانبداری اور خوش اسلوبی سے چلانے پر اسپیکر قومی اسمبلی کے کردار کو سراہا۔ موثر قانون سازی ملک کو ترقی کی راہ پر گامزن کرنے کے لیے ضروری ہے، گورنر پنجاب پارلیمان کی جانب سے عوامی فلاح و بہبود کیلئے کی گئی قانون سازی قابل تعریف ہے، سردار سلیم حیدر

بقیہ 9

دوماہ سے تعطل آچکا، بتایا جارہا ہے ریڈیو پاکستان کے ریٹائرڈ ملازمین کی غیرشادی شدہ اور بیوہ بیٹوں کو رواں سال کے ماہ جون اور جولائی کی پنشن ادائیگی نہیں کی جاسکی، اب صورت حال کچھ یوں بن چکی کہ ماہ اگست بھی آدھا گزر جانے کے بعد بھی پنشن ادائیگی کے کوئی آثار دکھائی نہیں دے رہے، متاثرین خاندانوں نے ریڈیو پاکستان کے ڈی جی سمیت وزیراعظم پاکستان اور وفاقی وزیر اطلاعات ونشریات سے اپیل کی ہے کہ وہ متاثرین کی دادرسی کرتے ہوئے ریٹائرڈ ملازمین کی غیرشادی شدہ اور بیوہ بیٹوں کی پنشن کی ادائیگی کے لیے ہنگامی بنیادوں پر ہدایات جاری کریں،

بقیہ 10

رہائشی سالانہ 36000 چکلالہ کینٹ بورڈ کو آدا کریں گے۔ مکینوں کا کہنا ہے کہ ہم پر اتنا ظلم نہ کیا جائے۔ اس مہنگائی کے دور میں ہم روٹی پوری کریں یا ٹیکس ادا کریں، چکلالہ کنٹونمنٹ بورڈ ہر ماہ پانی کا ٹیکس وصول تو کرتا ہے لیکن ہمیں پانی مہیا نہیں کیا جاتا اور شکایت درج کروانے پر ٹال مٹول اور ناروا رویہ اختیار کیا جاتا ہے اور کہا جاتا ہے کہ پانی نہیں ہے جاؤ جو کرنا ہے کرلو، مکینوں کا مزید کہنا تھا کہ اس مہنگائی کے وقت میں مشکل سے پراپرٹی اور پانی کا ٹیکس ادا کرتے ہے اگر بورنگ ٹیکس کا بوجھ بھی ڈالا گیا تو خودکشی کرنے پر مجبور ہوں گے، چکلالہ کینٹ کے شہریوں نے سی ای او چکلالہ کینٹونمنٹ بورڈ و دیگر متعلقہ اعلیٰ حکام سے اپیل کی ہے کہ نافذ کیا گیا بورنگ ٹیکس واپس لیا جائے اور پانی کی فراہمی یقینی بنائی جائے۔

بقیہ 11

بتایا کہ پانچوں افراد کو گورنمنٹ بوائز ڈگری کالج سے متصل آبادی والے علاقے میں بجلی کے کھمبوں سے باندھا گیا تھا، تمام افراد کو گولیاں مار کر قتل کیا گیا۔ لیویز اور دیگر قانون نافذ کرنیوالے اداروں کے اہلکاروں نے لاشوں کو سول ہسپتال دالبندین منتقل کیا۔ بلوچستان پولیس نے 5 افراد کی لاشیں ملنے کے واقعے کی تحقیقات شروع کردی ہیں۔

بقیہ 12

پرویز کی زمین اور ڈیرہ واقع ڈھیری بیول پر قبضہ کرنے کی غرض سے ملزمان عزیز احمد ولد محمد عاشق ساکن دھیڑہ کنیال اور مدد خان نے ڈیرے کے گرد بنی چار دیواری توڑی جن کو منع کیا تو ملزمان نے سنگین نتائج اور جان سے مارنے کی دھمکیاں دیں، ذرائع سے معلوم ہوا ہے کہ محمد عاشق نے بیول شہر میں اڈے کے چاروں اطراف میں قبضہ کررکھا ہے اور اب مقامی لوگوں کی جدی زمین پر بھی قبضے شروع کردیئے ہیں، طارق پرویز نے میڈیا سے گفتگو میں بتایا کہ میری جدی زمین جو ڈھیری میں واقع ہے یہاں عاشق یا اس کے بیٹے عزیز کی ایک انچ زمین بھی نہیں ہے نہ کوئی تنازعہ چل رہا ہے، 3 اگست کو میرا بھائی عابد پرویز پاکستان سے واپس آیا تو عزیز احمد نے عدم موجوگی کا فائدہ اٹھا کر قبضے کی کوشش کی اور چاردیواری کو نقصان پہنچایا، پولیس نے نامزد ملزمان کیخلاف مقدمہ درج کرلیا ہے

بقیہ 13

ایک فرنٹ آف پیک نیوٹریشن لیبلنگ بھی ہے۔ وہ غذائیں جن میں میٹھے، نمک یا ٹرانس فیٹس کی مقدار زیادہ ہوتی ہے ان پر فرنٹ آف پیک وارننگ لیبلز لگانے سے لوگوں کو صحت مند خوراک کے انتخاب میں مدد ملتی ہے۔ پاکستان میں پاکستان سٹینڈرڈ اینڈ کوالٹی کنٹرول اتھارٹی (PSQCA) وہ ادارہ ہے جو مضر صحت کھانوں پر وارننگ لیبلز لگانے کا ذمہ دار ہے۔ پاکستان کے ماہرین صحت اور سول سوسائٹی ان سے درخواست کرتی ہے کہ وہ الٹرا پراسیسڈ خوراک پر وارننگ لیبلز لگانے کے لیے اپنا کردار ادا کریں۔ ان خدشات کو اسلام آباد کے ایک مقامی ہوٹل میں PANAH کے زیر اہتمام کولیشن پارٹنرز کے ساتھ ایک میٹنگ میں اجاگر کیا گیا۔ ماہرین صحت، سول سوسائٹی کی تنظیموں، صحت کی تنظیموں اور PANAH کے کولیشن پارٹنرز نے اجلاس میں شرکت کی۔ منور حسین، کنٹری کوآرڈینیٹر گلوبل ہیلتھ ایڈووکیسی انکیوبیٹر (GHAI) نے کہا، "پاکستان میں 2021 میں ذیابیطس کے انتظام کی سالانہ لاگت 2,640 ملین امریکی ڈالر سے زیادہ آئی۔ الٹرا پروسیسڈ فوڈ اور بیوریج پروڈکٹس خاص طور پر میٹھے مشروبات ذیابیطس، دل کی بیماری، کینسر، گردے کی خرابی، اور دیگر دائمی بیماریوں کی ایک بڑی وجہ ہیں۔ انہوں نے پاکستان میں ذیابیطس اور دیگر این سی ڈیز کے بڑھتے ہوئے خطرے سے نمٹنے کے لیے پالیسی ایکشن کی فوری ضرورت پر زور دیا۔ انہوں نے اس بات پر روشنی ڈالی کہ فرنٹ آف پیکج وارننگ لیبلز (FOPWL) صارفین کو صحت مند انتخاب میں مدد کرتے ہیں۔ پاکستان میں 40 فیصد سے زائد بالغ یا تو موٹاپے یا زیادہ وزن کا شکار ہیں۔ مزید برآں، اس وقت 33 ملین سے زیادہ لوگ ذیابیطس کے ساتھ زندگی گزار رہے ہیں، مزید 10 ملین اس بیماری کی نشوونما کے دہانے پر ہیں۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ واضح اور شفاف لیبلنگ صارفین کو صحت مند خوراک کے انتخاب میں مدد دیتی ہے۔

بقیہ 14

سے مخاطب ہوا تھا تو اس وقت بھی بجلی کے مسئلے پر کافی دیر گفتگو کی تھی۔ میں نے اس وقت بھی آگاہ کیا تھا کہ میرے زمانے میں بجلی کا بل کتنا ہوا کرتا تھا اور آج کتنا ہوگیا ہے۔ میں اس دن سے لے کر آج کے دن تک آپ کا کرب محسوس کررہا ہوں، میں آپ کی تکالیف کو بھی محسوس کرتا ہوں، میرا ذہن بار بار 2017 کی طرف جاتا ہے اور جانا بھی چاہیے کیونکہ اس وقت اللہ کے فضل وکرم سے مہنگائی کا نام ونشان نہیں تھا، بجلی کے بل بہت کم آتے تھے، آپ کی آمدن آپ کے اخراجات سے زیادہ تھی اور عوام آسانی سے زندگی گزار رہے تھے، آپ کے بچے سکول جاتے تھے اور پھر گھر کا خرچہ بھی چلتا تھا بجلی کا بل بھی ادا ہوتا تھا گھر کا کرایہ بھی ادا ہوتا تھا، لوگ اس میں سے بچت بھی کرلیتے تھے۔ میرے دور میں بیشتر سبزیاں دس روپے کلو ملتی تھیں۔ 2013 میں بھی جب ہم نے حکومت سنبھالی تو پاکستان تقریبا ڈیفالٹ کی حالت میں تھا، ہم نے معیشت کو نہ صرف ٹھیک کیا بلکہ پاکستان کو دنیا کی بہترین ترقی والی قوموں میں شامل کیا، یہ میں نہیں کہتا بلکہ دنیا کے جریدے کہتے ہیں، اس وقت یہ کہا جارہا تھا کہ پاکستان چند سالوں میں معاشی قوت بننے والا ہے ،اس خطے میں مثالی ترقی والا ملک بننے والا ہے، ہم ڈالر کو 95 روپے پر لے کر آئے، اس کے بعد ایکسپورٹ اور ددوسرے معاملے کے لئے اسحاق ڈار اور میری مشاورت سے اسے 104 روپے کیا گیا، ہم نے ڈالر کو چار سال تک 104 پر مستحکم رکھا۔ انہوں نے کہا کہ چند ججوں نے مجھے اس لئے نکالا کہ میں نے اپنے بیٹے حسن نواز سے 10 ہزار درہم تنخواہ نہیں لی اس لئے مجھے نکال دیا، آپ مجھے بتائیں آپ کو یہ وجہ سمجھ آتی ہے کہ اس پر ایک وزیر اعظم کو نکالا جاسکتا ہے، میں اس لئے کہتا ہوں مجھے کیوں نکالا، یہ دن دیکھنے کے لئے جو آج ہم سب دیکھ رہے ہیں، مجھے اس لئے نکالا کہ غریبوں کا بل 1600 روپے کیوں آتا تھا جو آج 18 ہزار روپے آرہا ہے، اس لئے نکالا کہ 104 والے ڈالر کر 250 روپے پر پہنچا دیا جائے، آج لوگ اپنے بچوں کو سکول نہیں بھیج پا رہے کیونکہ وہ فیس نہیں دے سکتے، اس وقت آٹا 35 روپے کلو ملتا تھا جو آج بہت مہنگا ہوگیا ہے، کچھ مجھے پتہ چلا کہ وزیراعظم کو نکالنے کیلئے کیا یہ وجہ مناسب تھی، انہوں نے پاکستان کے وزیراعظم کو جس طرح نکالا وہ بات مذاق لگتی ہے، کیا ان کو کوئی پوچھنے والا نہیں جنہوں نے ملک کو اس حالت تک پہنچایا ہے، غریبوں کا جینا مشکل کر دیا ہے، مجھے ان چیزوں کو دیکھ کر دکھ ہوتا ہے، مجھے سمجھ نہیں آتی میں ان لوگوں کو کیا کہوں، انہوں نے بہت بڑا جرم کیا ہے، ملک کے ساتھ زیادتی کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ جب سے مریم نواز شریف وزیر اعلیٰ اور شہباز شریف وزیراعظم بنے ہیں میں تواتر سے کہہ رہا ہوں پاکستان سے مہنگائی کا طوفان ختم کریں حالانکہ یہ طوفان ہم نے لے کر آئے، یہ کرنے والے کوئی اور لوگ ہیں، مجھے یہ کہنے میں کوئی عار نہیں کہ یہ عمران خان کے زمانے سے سارا کام شروع ہوا، ہم نے تو آئی ایم ایف کے ساتھ ہاتھ ملا کر اسے خدا حافظ کہہ دیا تھا، آئی ایم ایف نے خود کہا تھا کہ پاکستان کو اب آئی ایم ایف کی ضرورت محسوس نہیں ہوگی، دنیا کہہ رہی تھی پاکستان آئی ایم ایف کی غلامی سے آزاد ہوگیا ہے ، پھر آئی ایم ایف کو دوبارہ لانے والے کون ہیں، عوام وہ چہرے پہچانے وہ کون ہیں، میں نہیں ہوں، مریم نواز شریف یا شہباز شریف نہیں ہے بلکہ وہ ہیں جو آج بڑھ چڑھ کر جیل میں بیٹھ کر باتیں کررہے ہیں وہ ہیں جو دوبارہ آئی ایم ایف کو لے کر آئے۔

بقیہ 15

سے دہشتگردی کے خاتمے کیلئے پوری قوم متحد ہے، اسپیکر قومی اسمبلی خوارج اپنی بزدلانہ اور شرمناک کارروائیوں سے ملک کا امن سبوتاژ کرنا چاہتے ہیں، اسپیکر قومی اسمبلی خوارج ہماری جری مسلح افواج کی موجودگی میں اپنے ناپاک عزائم میں کبھی کامیابی حاصل نہیں کر سکتے ، اسپیکر قومی اسمبلیسکیورٹی فورسز نے دہشتگردی کے خلاف جنگ میں لازوال قربانیاں دی ہیں، اسپیکر قومی اسمبلی دہشتگردی کے خلاف جنگ میں جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے بہادر افسران اور جوان ہمارے ماتھے کا جھومر ہیں

بقیہ 17

خاندان کی کفالت کررہی ہیں۔ خیبر پختونخوا میں سندس اقبال کی خدمات پر گزشتہ دنوں PPAF کے تعاون سے منعقد ہونے والے وزیراعظم یوتھ پروگرام کے تحت نوجوانوں کے عالمی دن کی مناسبت سے باوقار تقریب جو کہ اسلام آباد کے پاک چائنہ سینٹر میں رانا مشہود احمد خان کی سربراہی میں منعقد ہوئی اس تقریب کے مہمان خصوصی وزیراعظم پاکستان محمد شہباز شریف تھے جنہوں نے محترمہ سندس اقبال کو ایوارڈ سے نوازا۔

بقیہ 18

38 کلومنشیات برآمد کر کے 8 ملزمان کو گرفتار کرلیا گیا۔ ترجمان اے این ایف کے مطابق اسلام آباد ائرپورٹ پر سعودی عرب جانے والے مسافر سے 680 گرام ہیروئن برآمد کرلی گئی۔ اسی طرح کاک پل اسلام آباد کے قریب ایک ملزم سے 400 گرام چرس برآمد ہوئی جب کہ ایم ون اسلام آباد کے قریب ملزم سے 390 گرام آئس برآمد کرلی گئی۔ دوسری جانب پشاور ائرپورٹ پر دوحا جانے والے 2 مسافروں سے 2.5 کلو آئس برآمد کرلی گئی۔ ادھر لاہور ائرپورٹ پر کارگو آفس سے برطانیہ بھیجے جانے والے پارسل سے 990 گرام ہیروئن برآمد کی گئی۔ علاوہ ازیں علامہ اقبال انٹرنیشنل ائرپورٹ لاہور ہی سے ملائیشیا جانے والے مسافر سے بھی 65 عدد ہیروئن بھرے کیپسول برآمد ہوئے۔ آرسی ڈی روڈ حب کے قریب ملزم سے 30 کلو آئس برآمد کی گئی۔ شیر شاہ ٹول پلازہ ملتان کے قریب ملزم سے 2.4 کلو چرس برآمد ہوئی۔ اے این ایف نے تمام گرفتار ملزمان کے خلاف انسداد منشیات ایکٹ کے تحت مقدمات درج کر کے تحقیقات کا آغاز کردیا گیا ہے۔

بقیہ 19

ساتھ کام کرنے کے لیے پرعزم ہے۔ ترجمان کا مزید کہنا تھا کہ علاقائی سلامتی اور مشترکہ اہداف کے حصول کے لیے پاکستان کی مدد کرتے رہیں گے۔ دونوں ممالک کی فوجی اور سیاسی قیادت میں دوطرفہ امور پر بات ہوتی رہتی ہے۔ سابق فوجیوں کی گرفتاری کی رپورٹ سے آگاہ ہیں۔

بقیہ 20

گڈانی کی والدہ عدالت میں پیش ہوئیں۔ دوران سماعت عدالت عالیہ نے کیس سے متعلق ٹرائل کورٹ کی رپورٹ طلب کرلی، عدالت نے کہا کہ بتایا جائے کیس میں اب تک چالان جمع ہوچکا ہے نہیں؟ سینئر سپرنٹنڈنٹ پولیس (ایس ایس پی) گھوٹکی کی جانب سے رپورٹ عدالت میں پیش کی گئی۔ ایس ایس پی کی رپورٹ میں کہا گیا کہ کیس کا عبوری چالان عدالت میں پیش کردیا گیا ہے، کیس کا حتمی چالان اسکروٹنی مراحل میں ہے۔ 24 مئی کو صوبہ سندھ کے ضلع گھوٹکی کی تحصیل میرپور ماتھیلو میں نامعلوم افراد کی فائرنگ سے زخمی ہونے والے صحافی نصراللہ گڈانی کراچی میں علاج کے دوران دم توڑ گئے تھے۔ صحافی نصراللہ گڈانی پر گھوٹکی کی تحصیل میرپور ماتھیلو میں فائرنگ کی گئی تھی، فائرنگ کے نتیجے میں وہ شدید زخمی ہوگئے تھے۔ 28 مئی کو صوبہ سندھ کے ضلع گھوٹکی کے صحافی نصراللہ گڈانی کے قتل کا مقدمہ ان پر حملے کے آٹھویں روز درج کرلیا گیا تھا۔ قتل کا مقدمہ صحافی نصراللہ گڈانی کی والدہ کی مدعیت میں تھانہ میرپور ماتھیلو میں 2 نامعلوم ملزمان کے خلاف مقدمہ درج کیا گیا۔

بقیہ 21

شام سے بحیرہ عرب سے ملک کے جنوبی علاقوں میں مون سون کی مضبوط ہوائیں داخل ہونے کی توقع ہے۔ مون سون ہواوں کے باعث بلوچستان میں جمعے 19 اگست کے دوران تیز ہواوں اور گرج چمک کے ساتھ وقفے وقفے سے بارش، بعض مقامات پر موسلا دھار بارش کا امکان ہے جبکہ جمعہ سے 20 اگست کے دوران کشمیر میں گرج چمک اور تیز ہواوں کے ساتھ وقفے وقفے سے بارش اور بعض مقامات پر موسلا دھار بارش متوقع ہے۔ جمعہ سے 20 اگست کے دوران اسلام آباد اور پنجاب کے بیشتر مقامات پر تیز ہواں اور گرج چمک کے ساتھ وقفے وقفے سے بارش کا امکان ظاہر کیا گیا ہے جبکہ 16 سے 20 اگست کے دوران خیبر پختونخوا میں بھی گرج چمک اور تیز ہواں کے ساتھ وقفے وقفے سے بادل برس سکتے ہیں۔ موسم کا احوال بتانے والوں کا کہنا ہے کہ جمعے 18 اگست کے دوران سندھ میں سکھر، شکار پور، کشمور، خیر پور، نوشہرو فیروز، لاڑکانہ، دادو، جیکب آباد، حیدر آباد، ٹھٹھ، بدین، ٹنڈو الہ یار، ٹنڈو محمد خان، تھر پارکر، مٹھی، میر پور خاص، عمرکوٹ اور سانگھڑ میں چند مقامات پر تیز ہواں، گرج چمک کے ساتھ بارش اور بعض مقامات پر موسلا دھار بارش کی توقع کی جارہی ہے۔ چیف میٹرولوجسٹ سردار سرفراز نے کہا ہے کہ (آج) 17 سے 19 اگست تک کراچی میں وقفے وقفے سے گرج چمک کے ساتھ کہیں ہلکی اور کہیں موسلا دھار بارش کا امکان ہے جبکہ بارشوں کے دوران بلوچستان اور سندھ کے نشیبی علاقے زیر آب آنے کا اندیشہ ہے۔ محکمہ موسمیات نے کہا ہے کہ بارشوں کے باعث ملک کے پہاڑی علاقوں میں لینڈ سلائیڈنگ کا خطرہ ہے، شدید بارشوں، آندھی، جھکڑ چلنے اور گرج چمک کے باعث کمزور انفراسٹرکچر، کچے گھر، دیواروں، بل بورڈز، سولر پینل کو نقصان پہنچ سکتا ہے، کسان، مسافر اور سیاح بارشوں کے دوران محتاط رہیں۔

بقیہ 22

سیکرٹری داخلہ کو فریق بنایا گیا ہے جبکہ پی ٹی اے، وزارت انسانی حقوق بھی فریقین میں شامل ہیں۔ درخواست میں عدالت سے استدعا کی گئی ہے کہ شہریوں کے بنیادی حقوق متاثر کرنے والی فائر وال کی تنصیب کو روکا جائے، فائر وال کی تنصیب تمام سٹیک ہولڈرز کی مشاورت اور بنیادی حقوق کے تحفظ سے مشروط قرار دی جائے۔ درخواست گزار کی جانب سے یہ بھی اپیل کی گئی ہے کہ ذریعہ معاش کیلئے انٹرنیٹ تک رسائی کو آئین کے تحت انسانی بنیادی حقوق قرار دیا جائے، فریقین سے فائر وال سے متعلق تمام تفصیلات پر مبنی رپورٹ طلب کی جائے۔ شہری نے درخواست میں استدعا کی ہے کہ درخواست پر فیصلہ ہونے تک فائر وال کی تنصیب کا عمل معطل کردیا جائے، شہریوں کی بلاتعطل انٹرنیٹ تک رسائی کو یقینی بنانے کے احکامات دیئے جائیں۔

بقیہ 23

ہونے تک سیاحوں کو امدادی سامان فراہم کیا جائے، فینہ گاوں میں سیلابی ریلے سے بہہ جانے والے دو پلوں کو متبادل راستہ فراہم کیا جائے۔ وزیر اعظم شہباز شریف نے چیئرمین این ڈی ایم اے کو ٹیلی فون کیا اور استور سیلابی صورتحال پر بریفنگ لی۔ شہباز شریف نے ہدایت کی ہے کہ زمینی رابطہ منقطع ہونے کی وجہ سے پھنسے سیاحوں کو جلد ریسکیو کیا جائے، فینہ گاوں میں سیلابی ریلے سے بہہ جانے والے دو پلوں کو بھی متبادل راستہ فراہم کیا جائے۔ انہوں نے مزید کہا ہے کہ سیلابی ریلے کی وجہ سے پھنسے سیاحوں کو جلد ریسکیو کرنے کے انتظامات کیے جائیں، ریسکیو ہونے تک سیاحوں کو امدادی سامان فراہم کیا جائے۔ دوسری جانب شہباز شریف کی ہدایت پر این ڈی ایم اے نے فوری ایکشن لیتے ہوئے وزیر اعظم کو سیلابی ریلے سے متاثرہ علاقے میں غیر ملکی سیاحوں کے محفوظ ہونے کی رپورٹ پیش کردی۔

بقیہ 24

اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کی خصوصی ہدایات پر وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں ٹریفک کے نظام کو مزید بہتر کرنے ، موثر بنانے اور شہر کو ٹریفک حادثات سے پاک کرنے کے لیے تمام تر اقدامات عمل میں لائے جارہے ہیں، اس سلسلے میں اسلام آباد پولیس نے ٹریفک اشاروں کی خلاف ورزی کرنے والے ڈرائیورز کے خلاف کارروائی مزید تیز کرنے کا فیصلہ کیا ہے اور اسلام آباد پولیس ٹریفک ایجوکیشن یونٹ کے علاوہ خصوصی دستے بھی وفاقی دارالحکومت کی شاہراہ اور اہم مقامات پر تعینات کر دیئے گئے ہیں جو ٹریفک قوانین خصوصاً ٹریفک اشاروں کی خلاف ورزی کرنے والے ڈرائیورز کے خلاف سخت قانونی کارروائی عمل میں لا رہے ہیں، اس سلسلہ میں چیف ٹریفک آفیسر اسلام آباد محمد سرفراز ورک نے تمام زونل افسران کو ہدایات جاری کی کہ وہ ٹریفک اشاروں کی خلاف ورزی پر بلا امتیاز کارروائیاں عمل میں لائیں، ایسے عناصر سے ہرگز کوئی رعایت نہ برتی جائے جو اپنے اور دوسروں کے لیے حادثات کا سبب بنتے ہیں ،اسلام آباد ٹریفک پولیس آگاہی ونگ کو بھی خصوصی ہدایات جاری کی گئی ہیں کہ شہریوں کو ٹریفک کی خلاف ورزی کے نقصانات اور دیگر ٹریفک قوانین کے متعلق آگاہی فراہم کرتے ہوئے بتایا جائے کہ ٹریفک قوانین پر عملدر آمد سے ہی ان کی جان ومال کی حفاظت ممکن ہے، انہوں نے مزید کہا کہ اسلام آباد ٹریفک پولیس ایف ایم ریڈیو 92.4 پر بھی ٹریفک قوانین کے متعلق خصوصی نشریات کا اہتمام کیا جائے ، شہریوں سے اپیل کی ہے کہ ٹریفک اشاروں اور دیگر قوانین کا احترام کریں کیونکہ یہ آپ کی حفاظت کے ضامن ہیں۔

بقیہ 25

کی بازیابی کے لئے کیا اقدامات کیے گئے ہیں؟ جس پر تفتیشی افسر نے جواب دیا کہ شہریوں کی بازیابی کے لئے متعدد جے آئی ٹیز اور پی ٹی ایف سیشنز کیے گئے ہیں، ملک بھر کے تحویلی اداروں اور ایجنسیوں کو خطوط بھی ارسال کیے ہیں۔ تفتیشی افسر نے کہا ہے کہ شہریوں کی بازیابی کے لئے بھرپور کوششیں کی جارہی ہیں، اعزاز الحسن ناظم آباد، مقصود احمد سلمان اور صابر حسین کورنگی کے علاقے سے لاپتہ ہیں۔ اس موقع پر پولیس رپورٹ میں انکشاف ہوا کہ کورنگی کے علاقے سے لاپتہ شہری صابر حسین بازیاب ہو کر پنجاب اپنے گھر واپس چلا گیا ہے۔ عدالت نے دیگر شہریوں کی بازیابی کے لئے جے آئی ٹیز اور پی ٹی ایف سیشنز کرنے کی ہدایت کرتے ہوئے شہریوں کی بازیابی کے لئے کارروائی جاری رکھنے کا حکم دے دیا۔ بعدازاں سندھ ہائی کورٹ نے لاپتہ افراد کی گمشدگی کیخلاف دائر درخواستوں پر سماعت 4 ہفتوں کے لئے ملتوی کردی۔

بقیہ 26

پر معطل کرنے کی سفارش کی گئی ہے، 10 اضلاع میں مجالس کے مقامات پر صبح 5 سے رات 11 بجے تک موبائل سروس بند رہے گی۔ راولپنڈی، جھنگ، لیہ، سرگودھا، بھکر اور میانوالی میں جزوی طور پر موبائل سروس معطل ہوگی ، گجرات، گوجرانولہ، چکوال، اور ٹوبہ ٹیک سنگھ میں بھی جزوی طور پر موبائل سروس بند ہوگی۔ لاہور سمیت پنجاب کے دیگر تمام اضلاع میں موبائل فون سروس بحال رہے گی، امن و امان کے قیام اور شہریوں کی حفاظت کیلئے مخصوص مقامات پر موبائل سروس معطل کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ محکمہ داخلہ پنجاب نے پولیس کی درخواست پر وفاقی حکومت کو مراسلہ لکھ دیا۔

بقیہ 27

شہروں میں موسلا دھار بارش سے نشیبی علاقے زیر آب آ گئے ہیں، شکر گڑھ نالہ بئیں میں اونچے درجے کا سیلاب ہے جبکہ پانی کی سطح مسلسل بلند ہونے لگی ہے، نالہ بئیں میں پھنسے 9 کسانوں اور چرواہوں کو بحفاظت نکال لیا گیا۔ ادھر کاغان میں بارشوں اور لینڈ سلائیڈنگ سے سڑکیں بند ہوگئیں اور ٹریفک کی روانی متاثر ہوئی ہے، گلگت بلتستان کے کئی علاقوں میں سیلابی ریلوں کے باعث شہر سے کئی دیہاتوں کا زمینی راستہ منقطع ہو گیا، استور میں موسلا دھار بارش کے باعث درجنوں مقامات کو نقصان پہنچا ہے۔ دوسری جانب بلوچستان کے ضلع کوہلو، ہرنائی، سبی، بولان، جھل مگسی اور نصیر آباد میں بارشوں اور سیلابی ریلوں سے نشیبی علاقے زیر آب آگئے۔ پنجاب کے شہری علاقوں میں بارشوں سے سیلابی صورتحال کے متوقع خطرے کے پیش نظر وزیر اعظم شہباز شریف نے این ڈی ایم اے، پی ڈی ایم ایز اور دیگر متعلقہ اداروں کو ہائی الرٹ رہنے کی ہدایت کردی۔ سندھ میں لاڑکانہ، دادو، نواب شاہ اور خیر پور میں موسلا دھار بارش کے باعث نشیبی علاقے زیرآب ہیں، سیلابی ریلوں کے باعث کئی دیہات میں پانی داخل ہوگیا، رابطہ سڑکیں اور فصلیں بھی پانی میں ڈوب گئی ہیں۔

بقیہ 28

وعراق کی جانب روانہ تھے کہ مخالف سمت سے آنے والے ٹرالر سے تصادم کے باعث حادثہ پیش آ گیا۔ حکام کا کہنا ہے کہ حادثے میں 2 افراد جاں بحق اور 17 زخمی ہوگئے جبکہ نعشوں اور زخمیوں کو ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر ہسپتال منتقل کر دیا گیا ہے۔ دوسری جانب احمد پور شرقیہ میں قومی شاہراہ پر ٹرالر نے موٹرسائیکل کو ٹکر ماردی جس کے نتیجے میں ایک شخص جاں بحق جبکہ بیوی اور بیٹی زخمی ہوگئی جنہیں ہسپتال منتقل کردیا گیا ہے۔

بقیہ 29

پولیس افسر (سی سی پی) او قاسم علی خان نے بتایا کہ دھماکے کے نتیجے میں 2 پولیس اہلکار زخمی ہوئے، زخمیوں کو طبی امداد کی فراہمی کے لیے ہسپتال منتقل کر دیا گیا۔

بقیہ 30

مثال ہے۔ اپنے ملک کی حفاظت کے لیے اپنی جان خطرے میں ڈالتے ہیں۔ ان کی بہادری اور جرات پر پولیس فورس کو سلام پیش کرتا ہوں۔ اس موقع پر ایس ایچ او تھانہ وارث خان سید تہذیب الحسنین شاہ نے اعزازی شیلڈ ملنے پر شکریہ ادا کیا اور کہا کہ پولیس اپنے فرائض اسی جانفشانی سے انجام دیتی رہے گی۔ میں پنجاب حکومت اور اپنے پولیس کے اعلی حکام آئی جی پنجاب، ار پی او، سی پی او اور دیگر اعلی افسران کا نہایت مشکور ہوں جنھوں نے ہمیشہ ہم سب کی حوصلہ افزائی کی۔ دوسری جانب سی پی او سید خالد ہمدانی نے بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرنے پر ایس ایچ او وارث خان انسپکٹر تہذیب الحسنین سمیت ایس ایچ او ٹی خالد یار، ایس ایچ او گنجمنڈی عاطف ستار، ایس ایچ اور تہ امرال محمد سجاد کو تعریفی سرٹیفکیٹس اور نقد انعام سے نوازا، اور کہا کہ امن وامان کا قیام اور جرائم پیشہ عناصر کے خاتمہ کے لیے راولپنڈی پولیس ہمہ وقت جانفشانی سے مصروف عمل ہے۔

بقیہ 31

رابطوں میں تھے۔ باوثوق ذرائع کا کہنا تھا کہ روف حسن اور رائن گرم کا باقاعدہ رابطہ جنوری 2024 میں ہوا، رائن گرم نے 8 جون کو روف حسن سے بانی پی ٹی آئی کے 15 مئی کو لکھے مواد کی تصدیق چاہی، پاکستان اور ریاستی اداروں کے خلاف آرٹیکلز اسی مدت میں لکھے گئے۔ ذرائع نے مزید بتایا کہ رف حسن کی جانب سے رائن گرم کو 21 جنوری کے ورچوئل جلسہ میں شرکت کی دعوت دینے کا بھی انکشاف ہوا ہے، رائن گرم نے نو اگست 2023 کو سائفر کو بنیاد بنا کر ایک آرٹیکل تحریر کیا، رائن گرم نے سائفر کو بنیاد بنا کر لکھے آرٹیکل میں پاکستان اور ریاستی اداروں کے خلاف پراپیگنڈا کیا۔

بقیہ 32

جاری کردیا۔ یاد رہے کہ بلدیاتی انتخابات کے شیڈول کے مطابق کاغذات نامزدگی 16 سے 20 اگست تک جمع کیے جائیں گے، امیدواروں کے کاغذات کی سکروٹنی 22 سے 26 اگست تک ہوگی، امیدواروں کو انتخابی نشانات 6 ستمبر کو الاٹ کیے جائیں گے۔

بقیہ 33

آئی بھی چاہتے تھے جنرل باجوہ کو تھوڑی سی ایکسٹینشن مل جائے، اس بارے گفتگو ہوتی رہی ہے۔ مشیر وزیراعظم نے کہا کہ کورٹ مارشل کے دوران وکیل کرنے کا حق ہوتا ہے، اس معاملے میں ہمیں آئی ایس پی آر کی پریس ریلیز تک ہی رہنا چاہئے۔ رانا ثنااللہ نے کہا کہ 9 مئی کو ایسی سٹریٹجی بنائی گئی کہ پریشر بڑھے گا، ادارے میں بغاوت کا ماحول پیدا کرنے کی کوشش کی گئی، اس وقت فیض حمید کی طرف ہی اشارہ ہوتا تھا۔ انہوں نے کہا کہ 9 مئی واقعات کی فوٹیج سب نے دیکھی ہے، جب ٹرائل ہوگا تو ساری چیزیں پیش کی جائیں گی، ڈیڑھ سال ہوگیا ابھی تک ٹرائل ہی نہیں ہورہا۔ رانا ثنااللہ کا کہنا تھا کہ آج ہماری پارٹی کی اندرونی میٹنگ تھی، ہمارا اتفاق رائے ہے بلدیاتی الیکشن ہونے چاہئیں، ہم چاہتے ہیں لوگوں کے مسائل دہلیز پر حل ہوں۔

بقیہ 34

ارباب کو قتل کردیا تھا جس پر مقتول کے والد کی مدعیت میں مقدمہ درج کیا گیا تھا۔ ایس ایچ او کلر سیداں انسپکٹر بشارت عباسی کی سربراہی میں پولیس ٹیم نے جدید ٹیکنالوجی سمیت تمام ذرائع بروئے کار لاتے ہوئے ملزمان کو ٹریس کر کے گرفتار کرلیا۔ ایس پی صدر نبیل کھوکھر کا کہنا تھا کہ گرفتار ملزمان کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان کر کے قرار واقعی سزا دلوائی جائے گی، ملزمان کے دیگر ساتھیوں کی گرفتاری کے لئے چھاپے مارے جارہے ہیں۔

بقیہ 35

والی روٹی کے نرخوں اور سہولیات کا موازنہ کرنے کی بھی ہدایات جاری کی جائیں۔ اگر ہمارے جائز مطالبات تسلیم نہ کیے گئے تو ہم ایک بار پھر عدالت سے رجوع کرنے پر مجبور ہوں گے ۔ صدر ریسٹورنٹ کیٹررز سویٹس اینڈ بیکرز ایسوسی ایشن محمد فاروق چوہدری نے صحافیوں سے بات چیت کے دوران بتایا کہ ہم نے ایسوسی ایشن کے سینئر نائب صدر چوہدری زاہد محمود، ڈپٹی جنرل سیکرٹری ہاشم اعجاز بٹ کے ہمراہ صوبائی پرائس کونسل کے اجلاس میں شرکت کی۔ جہاں صوبائی وزیر بلال یاسین کے ساتھ ایک اہم ملاقات ہوئی۔ ہم نے وزیر بلال یاسین کو روٹی کی قیمتوں پر ایسوسی ایشن کے تحفظات اور دیگر اہم امور بارے آگاہ کیا۔ صدر محمد فاروق چوہدری نے بتایا کہ ملاقات میں لاہور ہائی کورٹ راولپنڈی بینچ میں دائر رٹ پٹیشن اور عدالتی احکامات پر ڈائریکٹر جنرل انڈسٹریز پنجاب سے ملاقات کا بھی حوالہ دیا گیا۔ صوبائی وزیر کو بتایا گیا کہ تندوروں اور ریسٹورنٹس کے درمیان ایک ہی ریٹ پر روٹی کے ریٹ کا موازنہ کرنا مناسب نہیں، ہم ریسٹورنٹس میں گاہکوں کو معیاری سہولیات فراہم کرتے ہیں۔ سیلز ٹیکس سمیت دیگر ٹیکس بھی ادا کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ریسٹورنٹس کا گیس ٹیرف 3900 فی ایم ایم بی ٹی یو ہے جب کہ تندور کا ٹیرف 700 فی ایم ایم بی ٹی یو ہے جو کہ تندور سے کئی گنا زیادہ استعمال ہے۔ حکومت کی طرف سے ہمیں کوئی سبسڈی بھی نہیں دی جاتی۔ جبکہ ریسٹورنٹ کو فی روٹی 2.24 روپے سیلز ٹیکس ادا کرنا پڑتا ہے۔ بجلی، گیس، پانی کے بلوں کے علاوہ ہم عمارت کے کرایوں کی مد میں بھاری رقم ادا کرتے ہیں جو کہ تندور کے اخراجات سے سوگنا زیادہ ہے۔ انتظامیہ ہمارے ساتھ ناروا سلوک کر رہی ہے ۔ پچاس ہزار، ایک لاکھ روپے تک کے غیر قانونی جرمانے عائد کیے جاتے ہیں۔ ہم ایسوسی ایشن کے پلیٹ فارم سے درخواست کرتے ہیں کہ ان معاملات کی تحقیقات کی جائیں بصورت دیگر ہم دوبارہ عدالت جانے پر مجبور ہوں گے ۔ صدر محمد فاروق چوہدری نے کہا کہ صوبائی وزیر خوراک بلال یاسین کو کمشنر آفس فیصل آباد میں منعقدہ اجلاس میں اپنے بیان کا حوالہ بھی دیا۔ جس میں انہوں نے کہا تھا کہ روٹی کی مقررہ قیمت تندور کی ہے نہ کہ ریسٹورنٹس کی کیونکہ یہ پرتعیش سہولیات فراہم کرتے ہیں' اس موقع پر صوبائی وزیر سے درخواست کی گئی کہ وہ ریسٹورنٹس کے اخراجات کو مدنظر رکھتے ہوئے پالیسیاں بنائیں' ہمارے ساتھ ہونے والی ناانصافی کا ازالہ کیا جائے۔ اس سلسلے میں راولپنڈی کی ضلعی انتظامیہ کو تندوروں اور ریسٹورانوں کے درمیان فروخت ہونے والی روٹی کی قیمتوں کا حقائق کی بنیاد پر موازنہ کرنے کی بھی ہدایات جاری کی جائیں۔

بقیہ 36

بنانے کیلئے ڈی آئی جی ہیڈکوارٹرز ڈاکٹر سید مصطفی تنویر نے سنٹرل پولیس آفس میں اردل روم کا انعقاد کیا، جس میں پولیس افسران نے شرکت کی، اردل روم میں پولیس افسران نے ذاتی اور سرکاری نوعیت کے مسائل ڈی آئی جی ہیڈکوارٹرز کے سامنے رکھے، حل طلب مسائل کا موقع پر ہی احکامات جاری کیے گئے باقی مسائل کے حل کے لئے متعلقہ افسران کو احکامات جاری کیئے، اس موقع پر انہوں نے کہا کہ پولیس ملازمین کی ویلفیئر کے لئے متعدد اقدامات کیے گئے ہیں جن میں رہائش، بہترین طبی سہولیات اور تعلیم کے معیار کو بہتر بنانا شامل ہیں، آپ کو کسی بھی قسم کا مسئلہ درپیش ہو تو میرے دفتر کا دروازہ آپ کے لئے ہمیشہ کھلا ہے، ہم سب نے مل کر اس شہر کی بہتری میں اپنا کردار ادا کرنا ہے، انہوں نے مزید کہا کہ اردل روم کے انعقاد کا مقصد پولیس افسران کی ویلفیئر، ذاتی و سرکاری مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کرنے کے ساتھ ان کے مورال کو بلند کرنا ہے۔

بقیہ 37

نے ملزم شان سے 01 پستول 30 بور معہ ایمونیشن برآمد کر کے ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کر لیے، ڈویژنل ایس پیز کا کہنا تھا کہ ہوائی فائرنگ اور ناجائز اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف کارروائیاں جاری رکھی جائیں گی۔

بقیہ 38

ناصر رضوی کے خصوصی احکامات کی روشنی میں اسلام آباد پولیس کے افسران اور انکے اہلخانہ کو بہترین سہولیات مہیا کرنے اور رعائتی نرخوں پر طبی سہولیات فراہم کرنے کے لئے اقدامات کا سلسلہ جاری ہے، اس سلسلے میں اسلام آباد پولیس اور نجی ادارے نایاب لیب اینڈ ڈائیگنوسٹک سنٹر کے مابین معاہدہ طے پاگیا، اسلام آباد پولیس کی طرف سے ایس پی ہیڈکوارٹرز قیصر نیاز گیلانی اور نجی ادارے نایاب لیب اینڈ ڈائیگنوسٹک سنٹر کی طرف سے میڈیکل ڈائریکٹر ڈاکٹر نواب زہیر الدین شیخ نے معاہدے پر دستخط کئے، معاہدے کے تحت اسلام آباد پولیس کے افسران اور انکے اہلخانہ کو لیب ٹیسٹ کی مد میں 35 فیصد جبکہ ریڈیولوجیکل ٹیسٹ کی مد میں 20 فیصد تک رعائیت دی جائے گی، اسی طرح اسلام آباد پولیس کے شہداء کے اہلخانہ کو لیب ٹیسٹ کی مد میں 40 فیصد جبکہ ریڈیولوجیکل ٹیسٹ کی مد میں 25 فیصد تک رعائیت دی جائے گی، ٹیسٹ رعائتی نرخوں پر کروانے کے لئے تمام افسران اور ان کے اہلخانہ محکمانہ اور فیملی میڈیکل کارڈ کا استعمال کریں گے، آئی جی اسلام آباد نے کہا کہ اسلام آباد پولیس کے حاضر سروس افسران، شہداء اور دوران سروس وفات پانے والے پولیس افسران کے اہلخانہ کو بہترین طبی سہولیات فراہم کی جارہی ہیں ایسے اقدامات اٹھانے سے پولیس افسران کا مورال بلند ہو رہا ہے اور ان کے اہلخانہ کو بہترین طبی سہولیات فراہم کرنے میں مدد مل رہی ہے اس سلسلے میں پولیس افسران کی ویلفیئر کے لئے مزید اقدامات کئے جارہے ہیں، انہوں نے مزید کہا کہ پولیس فورس کے افسران آئے روز لاء اینڈ آرڈر اور دیگر سخت ڈیوٹیز کی وجہ سے مختلف بیماریوں کا شکار ہو جاتے ہیں جن کو بہترین علاج معالجہ کے لئے مشکلات پیش آتی تھیں، اس طرح کی طبی ویلفیئر کے ذریعے پولیس افسران اور ان کے اہلخانہ کو ان کے گھر تک صحت کے متعلق سہولیات مہیا ہوں گی۔

بقیہ 39

شہریوں کی جان و مال پر حملہ کرنے والے ملزمان قانون کی گرفت سے نہیں بچ سکتے۔

بقیہ 40

کی روشنی میں اسلام آباد پولیس کی منشیات فروشوں کے خلاف "نشہ اب نہیں" تحریک اور جرائم پیشہ عناصر کے خلاف بھرپور کریک ڈاؤن جاری ہے، ان احکامات کی روشنی میں پولیس ٹیموں نے گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران 03 اشتہاری و عادی مجرمان سمیت منشیات فروشی و دیگر جرائم میں ملوث 18 جرائم پیشہ کی گرفتاری عمل میں لائی، تھانہ کراچی کمپنی پولیس نے ملزم زاہد اقبال کو گرفتار کرکے اس کے قبضہ سے 30 بور پستول برآمد کر لیا، تھانہ سنگجانی پولیس نے دو ملزمان صمیم فرجاد اور عرفان احمد کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے دو عدد پستول برآمد کر لئے، تھانہ رمنا پولیس نے دو ملزمان کامران دانش اور خرم شہزاد کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے 1065 گرام چرس برآمد کرلی، تھانہ شالیمار پولیس نے چار ملزمان محمد سفیان، منیر حسین ، فیصل زمان اور محمد عمران کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے چار عدد 222 بور رائفلیں برآمد کرلیں، تھانہ شمس کالونی پولیس نے دو ملزمان عباداللہ اور زلمی کو گرفتار کرکے ان کے قبضہ سے 807 گرام ہیروئن اور ایک عدد تیس بور پستول برآمد کرلیا، تھانہ آئی نائن پولیس نے ملزم اللہ دتہ کو گرفتار کرکے ان کے قبضہ سے 670 گرام چرس برآمد کرلی، تھانہ ہمک پولیس نے ملزم خرم عباس کو گرفتار کر کے اس کے قبضہ سے ایک عدد بارہ بور رائفل برآمد کر لی، تھانہ پھلگراں پولیس نے ملزم یاسر محمود کو گرفتار کر کے اس کے قبضہ سے 165 گرام چرس برآمد کر لی، تھانہ شہزاد ٹاؤن پولیس نے شراب فروشی میں ملوث ملزم بابر چمن کو گرفتار کرکے اس کے قبضہ سے 30 لیٹر شراب برآمد کر لی، گرفتار ملزمان کے خلاف مختلف تھانہ جات میں مقدمات درج کر کے مزید تفتیش شروع کر دی گئی جبکہ مجرمان اشتہاریوں اور عادی مجرمان کی گرفتاری کے لیے چلائی جانیوالی خصوصی مہم کے دوران 03 مجرمان کی گرفتاری عمل میں لائی گئی، ڈی آئی جی اسلام آباد سید علی رضا نے کہا کہ اسلام آباد پولیس منشیات و شراب فروشی جیسے گھناؤنے کاروبار اور غیر قانونی اسلحہ رکھنے میں ملوث عناصر کو ہرصورت قانون کے کٹہرے میں لائے گی، شہری منشیات فروشی اور کسی بھی مشکوک شخص یا سرگرمی کے متعلق اپنے متعلقہ تھانہ، ایمرجنسی ہیلپ لائن "پکار-15" یا "آئی سی ٹی-15" ایپ پر فوری اطلاع دیں۔

بقیہ 41

سی او میونسپل کمیٹی ملک غلام اکبر اور سالٹ رینج میڈیا کلب رجسٹرڈ پنڈ دادنخان کے عہداران کے ہمراہ جوڈیشل حوالات پنڈ دادنخان دورہ کیا اور جشن آزادی کی خوشیوں میں شامل کرنے کے لیے حوالاتیوں میں مٹھائی تقسیم کی دوسری طرف تحمونسپل کمیٹی پنڈ دادنخان کے سی او ارباب عامر کی جانب سے ماہ اگست میں 14 اگست کی تیاریوں کے لیے انتھک محنت کرنے پر سینٹری ورکر کے اعزاز میں تقریب کا انعقاد کیا تقریب کا انعقاد علامہ اقبال پبلک پارک میں کیا گیا جہاں پر چیف افسر بلدیہ ارباب عامر سب انجینئر ملک نجم اسسٹنٹ اکاؤنٹنٹ چوہدری جہانگیر نے سینٹری ورکر کو مٹھائی چائے اور شاباش سے نوازا گیا شہر کے انتہائی ٹوٹے پھوٹے سٹرکچر کے باوجود 14 اگست کی تقریبات کے لیے مقامات کی صفائی ستھرائی کر کے سینٹری ورکرز نے انہیں اس قابل بنایا کہ تقریبات کا انعقاد احسن طریقے سے کیا جائے جس پر تمام سینٹری ورکر خراج تحسین کے مستحق ہیں ایک ہی میونسپل کمیٹی نے خراج تحسین پیش کرتی ہے

بقیہ 42

ملزم کا ساتھی فرقان بھی گرفتار ہو چکا ہے۔ متاثرہ لڑکے کا میڈیکل پراسیس کروالیا گیا ہے۔ ایس پی صدر کا کہنا ہے کہ ملزم کو قرار واقعی سزا دلوانے کے لیے تمام قانونی تقاضے پورے کیے جائیں گے۔ زیادتی، تشدد اور ہراساں کرنا ناقابل برداشت ہے۔ ملوث ملزمان قانون کی گرفت سے نہیں بچ سکتے۔

بقیہ 43

سے آنے پر نوٹسز جاری کیے گئے، تمام غیر حاضر ملازمین سے تین دن میں وضاحت طلب کرلی گئی۔ وزیر اطلاعات نے صفائی کا معیار بہتر کرنے اور انتظامی معاملات میں بہتری پر ڈپٹی ڈائریکٹر ایڈمنسٹریشن صدیق کیانی کو شاباش دی۔ انہوں نے نئے ڈی جی پی آر ڈاکٹر شہنشاہ فیصل عظیم کو عہدہ سنبھالنے پر مبارکباد اور ڈیجیٹل میڈیا کو جدید تقاضوں کے مطابق مزید متحرک کرنے کی ہدایات جاری کیں۔ عظمی بخاری نے الیکٹرانک اور پرنٹ میڈیا سیکشنز کو میڈیا پاسز کو بروقت حکومتی پروگراموں کی خبریں ارسال کرنے پر بھی شاباش دی اور مانٹرنگ کے شعبے کی کارکردگی پر اطمینان کا اظہار کیا۔ وزیر اطلاعات پنجاب عظمی بخاری نے کہا ڈی جی پی آر پنجاب حکومت کی بروقت اور درست معلومات عوام تک پہنچانے کا واحد ذریعہ ہے اسکا ہر شعبہ جدید تقاضوں کے مطابق کام کرنا چاہیے۔ کسی صورت اپنے متعلقہ ادارے میں غفلت اور کوتاہی برداشت نہیں کروں گی۔ جو ملازمین وقت پر دفتر نہیں آسکتے وہ گھر بیٹھیں۔ مجھے ڈی جی پی آر میں ملازمین کی سو فیصد حاضری چاہیے اس پر کوئی سمجھوتہ نہیں ہوگا۔

بقیہ 44

کے جنرل سیکرٹری چوہدری محمد لیسین کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ سی ڈی اے مزدور یونین واحد تنظیم ہے جو حقیقی معنوں میں ملازمین کی بلاتفریق خدمت کررہی ہے، مہنگائی کے اس دور میں اس اضافے پر ہم چیئرمین سی ڈی اے چوہدری محمد علی رندھاوا، ممبر ایڈمنسٹریشن طلعت محمود، ممبر فنانس طاہر نعیم اختر، ڈپٹی فنانشل ایڈوائزر ایاز حسین، قائد مزدور یونین چوہدری محمد لیسین اور انکی ٹیم کے بے حد مشکور ہیں، اس موقع پر سی ڈی اے مزدور یونین کے جنرل سیکرٹری چوہدری محمد لیسین نے تمام معذور ملازمین کو مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا کہ ہمارا مشن تمام ملازمین کی بلاتفریق خدمت ہے ،آج ہمارا ملک مختلف بحرانوں کا شکار ہے، جس کے اثرات تمام اداروں پر مرتب ہوئے ہیں

آئیسکو ریجن میں بوجہ ضروری سسٹم مینٹیننس
17 اور 18 اگست 2024ء عارضی بجلی بندش کا شیڈول

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) اسلام آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (آئیسکو) کے ترجمان کی جانب سے جاری کردہ پریس ریلیز کے مطابق بوجہ ضروری سسٹم مینٹیننس / ڈویلپمنٹ ورکس آئیسکو ریجن کے اسلام آباد، راولپنڈی ، اٹک، چکوال اور جہلم سرکلز کے مختلف علاقوں کو بجلی سپلائی کرنے والے فیڈرز پردرج ذیل شیڈول کے مطابق بجلی کی سپلائی عارضی طور پر معطل رہے گی۔ مورخہ 17 اگست 2024، اسلام آباد سرکل، صبح 06:00 بجے تا دن 11:00 بجے تک، راولپنڈی سٹی سرکل، ڈھوک چوہدریاں ،ڈھوک حسو، عالم آباد، پیرودھائی، قاضی آباد، ای بلاک ،سہام، مزمل ٹاؤن، گنگال، ائرپورٹ، گلزار قائد، کھنہ روڈ فیڈرز، راولپنڈی کینٹ سرکل، سی بی آر۔ II، رحمت آباد۔ I فیڈرز، اٹک سرکل، دریائے شریف فیڈر، جہلم سرکل، شکریلہ ،منڈی بھلوال، چھپرن، سرائے عالمگیر، شمس آباد، فتح پور، پران، محلہ شہیداں، ملٹری کالج، عباس پورہ، اجمل شہید، پکھوال، جاکھر، F-7 کچہری، F-9 چک دولت فیڈرز، چکوال سرکل، ڈھوڈا، راما فیڈرز، مورخہ 18 اگست 2024، اسلام آباد سرکل، صبح 06:00 بجے تا دن 11:00 بجے تک، اٹک سرکل، مقصود شہید فیڈر، راولپنڈی سٹی سرکل، سکستھ روڈ فیڈر اور گردونواح بند رہیں گے۔ آئیسکو انتظامیہ اپنے معزز صارفین سے بجلی کی بندش پر معذرت خواہ ہے۔ وقت سے قبل کام مکمل ہونے کی صورت میں بجلی کی سپلائی مقررہ شیڈول سے پہلے بھی بحال کی جاسکتی ہے اور گردونواح کی بجلی بند رہے گی۔

بقیہ 45

انتظامات کیے گئے ہیں، شہریوں کی رہنمائی کیلئے شاہراہوں پر متبادل روٹس و پارکنگ کے حوالے سے آگاہی بینرز آویزاں کرنے کے ساتھ ساتھ آفیشل پیجز اور ایف ایم ریڈیو اسٹیشن کے ذریعے ٹریفک صورتحال کے متعلق لمحہ بالمحہ آگاہی بھی فراہم کی جائے گی۔ تفصیلات کے مطابق چیف ٹریفک آفیسر راولپنڈی بینش فاطمہ کی ہدایات پر عمل کرتے ہوئے سٹی ٹریفک پولیس راولپنڈی نے 18 اگست تا 25 اگست 2024 ڈبل روڈ کرکٹ سٹیڈیم راولپنڈی میں پاکستان بمقابلہ بنگلہ دیش کرکٹ میچز کے دوران شہریوں کو ٹریفک کی بہترین سہولیات فراہم کرنے، پارکنگ وٹریفک کو متبادل راستوں پر رواں دواں رکھنے کے حوالے سے جامع اور منظم ٹریفک پلان جاری کردیا۔ اس موقع پر چیف ٹریفک آفیسر راولپنڈی بینش فاطمہ کا کہنا تھا کہ کرکٹ میچز کے دوران ٹریفک پولیس کے 367 سے زاہد افسران واہلکاروں سپیشل ڈیوٹی کے فرائض سرانجام دیں گے، جن میں 08 ڈی ایس پیز اسرکل انچارجز، 40 انسپکٹر انچارجز، 318 سے زائد ٹریفک وارڈنز وجوان شامل ہیں۔ دوران میچز کرکٹ ٹیموں کی موومنٹ کے دوران ٹریفک کو متبادل راستوں پر رواں رکھنے کیلئے خصوصی انتظامات کرتے ہوئے اضافی اہلکار تعینات کیے گئے ہیں اور پانچ مختلف جگہوں پر پارکنگ کی سہولیات فراہم کی گئی ہے، پارکنگ ایریا سے اسٹیڈیم تک رسائی کیلئے ضلعی انتظامیہ کی جانب سے شٹل سروس کی سہولت فراہم کی جائے گی۔ کرکٹ ٹیموں کی سٹیڈیم آمد اور روانگی کے وقت مری روڈ کو فیض آباد سے ڈبل روڈ تک مکمل طور پر بند کیا جائے گا اس دوران اسلام آباد سے آنے والی ٹریفک کو فیض آباد سے ایکسپریس وے کی جانب ڈائیورٹ کیا جائیگا جبکہ راولپنڈی سے اسلام آباد جانے والی ٹریفک براستہ 6th روڈ سید پور روڈ کا استعمال کرتے ہوئے اسلام آباد داخل ہوسکے گی جبکہ غوثیہ چوک سے آنے والی ٹریفک کو براستہ فاروق اعظم روڈ، کری روڈ کی طرف موڑا جائے گا۔

بقیہ 46

دھمکا تارہا کہ کسی کو بتایا تو جان سے ماردوں گا۔ اے ایس آئی احسن حفیظ نے مقدمہ درج کر کے ملزم کی تلاش شروع کردی ہے جو موقع پر سے غائب ہو گیا ہے۔

بقیہ 47

اداروں اور شہر کے مختلف علاقوں میں منشیات سپلائی کرنے کا انکشاف کیا ہے، بنی پولیس نے دوران ناکہ بندی مشکوک رکشہ کو روکا تو رکشے سے بھاری مقدار میں افیون برآمد ہوئی، بنی پولیس نے ملزم محمد زبیر کو گرفتار کر کے زیر استعمال رکشے کو قبضہ پولیس میں لے لیا، ایس پی راول فیصل سلیم کا کہنا تھا کہ ملزم سے تفتیش کر کے چین آف سپلائی پر کام کیا جا رہا ہے، ملزم کے ساتھیوں اور سہولت کاروں کو بھی گرفتار کیا جائے گا، منشیات سمگلر کی گرفتاری اور افیون کی بھاری کھیپ کی برآمدگی پر سی پی او سید خالد ہمدانی نے ایس پی راول، ایس ڈی پی او وارث خان اور بنی پولیس کو شاباش دیتے ہوئے کہا کہ نوجوان نسل کو منشیات کے ناسور میں مبتلا کرنے والے ملزمان قانون کی گرفت سے نہیں بچ سکتے، منشیات کے ناسور کے خاتمے کے لیے منشیات فروشوں کے خلاف کریک ڈاؤن جاری رکھا جائے گا۔

بقیہ 48

لے حقائق کھل کر سامنے آئیں گے، ضلعی انتظامیہ کا گوجرخان شہر کو یوں نظر انداز کرنا کہیں سوالات کو جنم دینے لگا ان کے اس مخصوص دورے پر عوامی حلقے پھٹ پڑے انھوں نے اپنے تحفظات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ہمیں تو ایسے لگتا ہے کہ جیسے ضلعی انتظامیہ ہمیں سننا پسند نہیں کرتی اور ہماری مسائل میں انکی کسی بھی قسم کی کوئی دلچسپی نہیں ہم لوگ بہت سے مسائل کا شکار ہیں شہریوں کو آئے دن لوٹا جا رہا ہے، شہر میں پانی کا دیرینہ مسلہ بنا ہوا ہے جبکہ آبادی کے درمیان سے گزرنے والا نالہ کچرے سے اٹا ہوا ہے جسکے باعث پانی ہمارے گھروں میں داخل ہو جاتا ہے جبکہ کمشنر راولپنڈی کو صرف نالہ لئی کے سوا کچھ نظر نہیں آتا ہے، شہر میں سیوریج سسٹم ناکارہ ہے صفائی ستھرائی کے انتظامات ابتر ہیں جبکہ ہاوسنگ سکیم ٹو کے مکین کہیں مسائل کا شکار ہیں نہ وہاں صفائی ستھرائی کا انتظام ہے اور نہ ہی سیوریج اور وہاں گلیاں بھی کھنڈرات کا شکار ہیں میں شاہراہ کے اطراف میں جڑی بوٹیوں کی بہتات ہے مقامی متعلقہ حکام ستو پی کر سوئے ہوئے ہیں پینے کا صاف سرکاری پانی میسر نہیں ہے اور مقامی انتظامیہ نے بھی سکیم 2 کو نظرانداز کیا ہوا ہے جبکہ عوامی منتخب نمائندگان کی بھی اس میں کوئی دلچسپی نہیں ہے مزید برآں شہریوں نے کہا کہ ایسے دوروں کا لوگوں کو براراست فائدہ ہونا چاہیے نہ کہ لوگوں کو سنے بغیر مخصوص دورہ کر کے یوں پروٹوکول سرکاری رقم کا خزانے پر بوجھ ڈال دینا سمجھ سے بالاتر ہے ہمیشہ دورے عوامی مفادات کے لیے ہونے چاہیں جبکہ یہاں حقائق اسکے برعکس ہیں اعلی افسران کے دورے بغیر بتلائے ہونے چاہیں، اگر بتا کر کوئی افسر دورہ کرے گا۔

بقیہ 49

جماعتوں کی جانب سے ریلیاں اور اجتماعات منعقد کر کے عظمت رسالت کو اجاگر کیا جاتا ہے سرگودھا میں 7 ستمبر کو مساجد میں ختم نبوت کانفرنسز ہوں گئیں اور شہر سے علماء کی قیادت میں ختم نبوت کارواں نکالا جائے گا۔

بقیہ 50

بعداسے مرحلہ وار دیگر اضلاع تک پھیلایا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ ہمارے کروائے گئے ایک سروے کے دوران مذکورہ تینوں اضلاع میں بچے ذہنی اور جسمانی لحاظ سے کمزور پائے گئے۔ وزیراعلی پنجاب کی ہداہت پر ان اضلاع کے طلبہ کی غذائی ضروریات کو پورا کرنے کیلئے انہیں دودھ اور کھانا فراہم کیا جائے گا۔ رانا سکندر حیات نے کہا کہ سکول میل پروگرام سے تمام پبلک سکولوں کے طلبہ مستفید ہوں گے۔ وزیر تعلیم نے کہا کہ میل پروگرام میں معیار پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا۔ اس ضمن میں مختلف افراد اور کمپنیوں سے مشاورت جاری ہے۔ جلد اس پر حتمی فیصلہ کرتے ہوئے مستند کمپنی کے انتخاب اور اشتراک سے سکول میل پروگرام کو حتمی شکل دے دی جائے گی۔

بقیہ 51

لیب ٹیسٹوں پر 50 فیصد تک رعایت دی جائے گی۔ تفصیلات کے مطابق سی پی او سید خالد ہمدانی کی جانب سے فورس کی ویلفیئر کے اقدامات کا سلسلہ جاری ہے، ایس ایس پی آپریشنز فلائٹ لیفٹیننٹ (ر) حافظ کامران اصغر نے سعید انٹرنیشنل ہسپتال اسلام آباد کے ساتھ مفاہمتی یاداشت پر دستخط کردیئے گئے، مفاہمتی یاداشت کے تحت شہداء پولیس کی فیملیز اور پولیس افسران وجوانوں اور فیملیز کو چیک اپ، علاج معالجہ اور مختلف اقسام کے لیے لیب ٹیسٹوں پر 50 فیصد تک رعایت دی جائے گی، ایس ایس پی آپریشنز فلائٹ لیفٹیننٹ (ر) حافظ کامران اصغر کا کہنا تھا کہ انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کے ویژن کے مطابق فورس کی ویلفیئر اولین ترجیح ہے جس کے لیے تمام اقدامات اٹھائے جارہے ہیں، پولیس افسران و اہلکاروں کو معیاری علاج معالجہ کی سہولیات کی فراہمی اولین ترجیح ہے۔

بقیہ 52

خان نے ساتھیوں کے ہمراہ فائرنگ کر کے شہری انزلہ خان کو قتل کر دیا تھا، واقعہ کا مقدمہ مقتول کے بھائی کی مدعیت میں چند روز قبل تھانہ نصیر آباد میں درج کیا گیا، ایس ایچ او نے بتایا کہ ملزم کے دیگر ساتھیوں کی گرفتاری کے لیے ریڈز کیے جارہے ہیں، ایس پی پوٹھوہار ناصر نواز کا کہنا تھا کہ ملزم کو قرار واقعی سزا دلوانے کے لیے تمام قانونی تقاضے پورے کیے جائیں گے، قتل سمیت سنگین مقدمات میں ملوث ملزمان کی گرفتاری لواحقین کو انصاف کی فراہمی میں اہم ہے۔

بقیہ 53

کیے جائیں گے، آتش بازی کے ذریعے شہریوں کی جانیں خطرے میں ڈالنے والے ملزمان کے خلاف کاروائیاں جاری رکھی جائیں گی۔

بقیہ 54

سے 01 بوتل شراب برآمد کر کے ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کرلیے، ڈویژنل ایس پیز کا کہنا تھا کہ شراب سپلائرز قانون کی گرفت سے نہیں بچ سکتے۔

بقیہ 55

وزیراعلی پنجاب کی ہدایات کے پیش نظر تمام تر انتظامات پیشگی مکمل کریں۔ ایمرجنسی کنٹرول رومز میں سٹاف کو الرٹ رکھا جائے۔ ریسکیو 1122 کی ڈائزاسٹر رسپانس ٹیموں کو بھی ہائی الرٹ رکھا جائے۔ ریسکیو آپریشن کے لیے پٹرول و ڈیزل کا اسٹاک وافر مقدار میں ہونا چاہیے۔ عوام الناس کو موجودہ صورتحال سے لمحہ بہ لمحہ آگاہ رکھا جائے۔ دریاؤں کے پاٹ میں موجود مکانوں اور مویشیوں کے انخلا کو یقینی بنائیں۔ فلڈ ریلیف کیمپس میں خوراک، پینے کے صاف پانی و دیگر سہولیات کی فراہمی کو یقینی بنایا جائے۔ عوام جاری کردہ احتیاطی تدابیر پر عمل کریں۔ ہنگامی انخلا کی صورت میں انتظامیہ سے تعاون کریں۔ حکومت پنجاب آپکا اور آپکے مال مویشیوں کا پوری طرح سے خیال رکھے گی۔ شہری ایمرجنسی کی صورت میں پی ڈی ایم اے کی ہیلپ لائن 1129 پر رابطہ کریں۔

بقیہ 56

جن سے انجینئرز کے پی ای سی لائسنس کی خرید وفروخت کا دھندہ عروج پر ہے ،کوئی کنٹریکٹر، کنسلٹنٹ یا کمپنی کسی بھی گورنمنٹ کنٹریکٹ میں اس وقت تک حصہ نہیں لے سکتی جب تک وہ پی ای سی سے رجسٹرڈ نہ ہو، اربوں روپے فائیو اسٹار ہوٹلوں کے کمروں کی بکنگ اور ٹی اے ڈی اے اور شاہ خرچیوں میں اڑا دیئے جاتے ہیں، کئی ممبرز کو دو دو گاڑیاں اور سینکڑوں کلومیٹر مفت پیٹرول کی سہولت دستیاب ہے، بحری جہازوں پہ بیٹھ کے سمندر کے بیچ ضیافتیں اڑائی جاتی ہیں، تعلیم کی ترقی کے لیے ہونے والی اساتذہ کی کانفرنس میں رقص وسرود کی محفل منعقد کی جاتی ہے، شیخ ظہور سرور نے ان خیالات کا اظہار نیشنل پریس کلب اسلام آباد میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے کیا، ان کا مزید کہنا تھا کہاب تک ایک لاکھ سے زائد کمپنیاں پی ای سی کیساتھ رجسٹر ہوچکی ہیں جن کی سالانہ فیس اوسطا" چار سے پانچ لاکھ روپے ہے، رجسٹریشن میں شرط ہے کہ ہر چھوٹی کمپنی اپنے پاس دو تین اور بڑی کمپنی 15 سے 20 انجینئرز کو ماہانہ نوکری پر رکھے تاہم ان کمپنیوں نے مافیا کے ساتھ مل کر ایسا نظام بنالیا ہے کہ زیادہ تر کمپنیاں انجینئرز کو نوکری پر رکھنے کے بجائے انکے لائسنس ایک سال کے لیے خرید لیتی ہیں ایسی خرید وفروخت کا ریٹ سول انجینئرز کے لیے ایک لاکھ روپے سالانہ سے لے کر مکینکل اور الیکٹریکل انجینئرز کے لیے 25 ہزار روپے سالانہ تک ہے یعنی 2 ہزار روپے مہینہ ایک انجینئر کی قیمت ہے، والدین لاکھوں روپے خرچ کر کے بچوں کو انجینئرز بناتے ہیں اور اس مافیا نے انجینئرز کو ماہانہ تنخواہ پر رکھنے کی بجائے یہ سالانہ دھندہ شروع کر رکھا ہے ، ڈیڑھ لاکھ سے زیادہ انجینئرز بے روزگار ہیں جن کا کوئی پرسان حال نہیں نئی نسل انجینئرنگ کرنے سے نفرت کرنے لگی ہے

بقیہ 57

والی رقم پڑی ہے، سی پی او سید خالد ہمدانی نے واقعہ کی اطلاع پر ملزمان کی فوری گرفتاری اور رقم کی برآمدگی کو یقینی بنانے کی ہدایات دی تھیں، سول لائنز پولیس نے ہیومن انٹیلی جنس سمیت تمام ذرائع بروئے کار لاتے ہوئے ملزمان کو گرفتار کرلیا، ملزمان کی گرفتاری اور سوفیصد برآمدگی پر سی پی او سید خالد ہمدانی نے ایس پی پوٹھوہار اور سول لائنز پولیس کو شاباش دیتے ہوئے کہا کہ ملزمان کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان عدالت کر کے قرار واقعی سزا دلوائی جائے گی، وزیر اعلی پنجاب اور انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب کے ویژن کے مطابق ٹرانسجینڈرز کے حقوق کے تحفظ اور قانونی معاونت کے لئے تمام وسائل بروئے کار لائے جارہے ہیں۔

پاسبان وطن فاؤنڈیشن کے زیراہتمام یوم آزادی کی تقریب

شہر میں امن وامان وعشرہ محرم میں بہترین کارکردگی کے اعتراف میں ایس ایچ او تھانہ وارث خان سید تہذیب الحسنین شاہ کو تعریفی شیلڈ پیش کی گئی

پاک فوج کی طرح ہماری پولیس کی کارکردگی بے مثال ہے۔ اپنے ملک کی حفاظت کے لیے اپنی جان خطرے میں ڈالتے ہیں، ڈاکٹر جمال ناصر

راولپنڈی (احمد ضمیر سے) پاسبان وطن فاؤنڈیشن کے زیراہتمام یوم آزادی کی تقریب میں سابق صوبائی وزیر ڈاکٹر جمال ناصر اور ممبر قومی اسمبلی طاہرہ اورنگزیب نے شہر میں امن و امان و عشرہ محرم میں بہترین کارکردگی کے اعتراف میں ایس ایچ او تھانہ وارث خان سید تہذیب الحسنین شاہ کو تعریفی شیلڈ پیش کی۔ اس موقع پر ممبر قومی اسمبلی طاہرہ اورنگزیب نے کہا کہ ہمیں اپنی فورسز پر فخر ہے جو اپنی جان خطرے میں ڈال کر ملک وقوم کی حفاظت کرتے ہیں۔ ڈاکٹر جمال ناصر نے کہا کہ پاک فوج کی طرح ہماری پولیس کی کارکردگی ہے (بقیہ نمبر 30)

روف حسن کے غیرملکیوں سے روابط کے ثبوت سامنے آگئے

پی ٹی آئی کارکنوں کے موبائل فون فرانزک کے دوران غیر ملکی شخصیات سے روابط کا انکشاف

اسلام آباد (اے ایف بی) پی ٹی آئی میڈیا ڈویژن پر چھاپے کے دوران ترجمان تحریک انصاف رف حسن کے غیرملکی شخصیات سے روابط کے ثبوت سامنے آگئے۔ پی ٹی آئی کارکنوں کے موبائل فون فرانزک کے دوران غیر ملکی شخصیات سے روابط کا انکشاف ہوا ہے، روف حسن اور بین الاقوامی جریدے انٹرسپٹ کے صحافی رائن گرم واٹس ایپ کے ذریعہ (بقیہ نمبر 31)

وائس چانسلر پنجاب یونیورسٹی پروفیسر ڈاکٹر خالد محمود شجرکاری مہم کے سلسلے میں پودا لگا رہے ہیں

ایکسٹینشن کا سلسلہ ختم کرنے کیلئے آئین میں ترمیم ہونی چاہیے' رانا ثنا اللہ

ہوسکتا ہے جنرل باجوہ نے ایکسٹینشن کی بات خواجہ آصف سے کی ہو' مشیر وزیراعظم

لاہور (این این آئی) وزیراعظم کے مشیر رانا ثنا اللہ نے کہا ہے کہ آئین میں ایسی ترمیم ہونی چاہیے کہ ایکسٹینشن کا سلسلہ ختم ہو۔ انہوں نے نجی ٹی وی کے پروگرام میں گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ہوسکتا ہے جنرل باجوہ نے ایکسٹینشن کی بات خواجہ آصف سے کی ہو، ہوسکتا ہے یہ بات جنرل باجوہ نے ملک احمد خان سے نہ کی ہو۔ رانا ثنا اللہ نے کہا کہ بانی پی ٹی (بقیہ نمبر 33)

راولپنڈی میں دوہرے اندھے قتل کا معمہ حل، 2 ملزمان گرفتار

ملزمان نے رواں سال جون میں فائرنگ کرکے وین ڈرائیور عاصم اور کنڈکٹر ارباب کو قتل کردیا تھا

راولپنڈی (این این آئی) تھانہ کلرسیداں پولیس نے وین ڈرائیور اور کنڈیکٹر کے دوہرے اندھے قتل میں ملوث دو ملزمان گرفتار کرکے آلہ قتل کلاشنکوف اور زیر استعمال گاڑی برآمد کرلی۔ حکام کے مطابق ملزمان کی شناخت لیاقت اور عبدالرحمٰن کے نام سے ہوئی، ملزمان نے رواں سال جون میں فائرنگ کرکے وین ڈرائیور عاصم اور کنڈکٹر (بقیہ نمبر 34)

اسلام آباد کے انتظامی اداروں میں تقرروتبادلوں پر پابندی عائد

اسلام آباد (این این آئی) الیکشن کمیشن نے اسلام آباد کے انتظامی اداروں میں تقرروتبادلوں پر پابندی عائد کردی۔ ذرائع نے بتایا کہ اہم تقرر تبادلوں کے لئے الیکشن کمیشن سے اجازت لینا لازمی ہوگی، اسلام آباد میں بلدیاتی انتخابات 29 ستمبر کو شیڈول ہیں۔ ذرائع کے مطابق ریٹرننگ افسر نے اسلام آباد بلدیاتی انتخابات کے لئے پبلک نوٹس (بقیہ نمبر 32)

ہائی ایس وین اور موٹرسائیکل میں ٹکر، 2 افراد موقع پر جاں بحق

لیاقت پور (این این آئی) کے ایل پی روڈ پر جن پور کے قریب افسوسناک حادثہ پیش آگیا۔ ریسکیو 1122 عملہ کے مطابق ہائی ایس وین اور موٹر سائیکل میں ٹکر کے نتیجے میں 2 افراد جاں بحق اور خاتون زخمی ہوگئی۔ لاشوں کو پولیس کی موجودگی میں ورثا کے حوالے کردیا، جاں بحق ہونے والے دونوں افراد موٹرسائیکل پر سوار تھے۔

مسلح موٹرسائیکل سواروں نے اندھا دھند فائرنگ کرکے خاتون اور بچے سمیت چھ افراد کو زخمی کردیا

سرگودھا (این این آئی) آتشیں اسلحہ سے مسلح موٹر سائیکل سواروں نے اندھا دھند فائرنگ کر کے خاتون اور بچے سمیت چھ افراد کو زخمی کردیا اور فرار ہوگئے پولیس نے زخمیوں کو ہسپتال منتقل کردیا اور مصروف تفتیش ہے۔ ذرائع کے مطابق سرگودھا کے قصبہ بھیرہ میں پٹرول پمپ کے قریب آتشیں اسحلہ سے مسلح موٹرسائیکل سواروں نے اندھا دھند فائرنگ کرکے چھ افراد محمد طاہر، محمد عرفان، محمد شفیق، محمد ظفر اللہ، بچے عبد اللہ اور خاتون کو زخمی کردیا اور فرار ہوگئے۔

INDUSTRIES COMMERCE INVESTMENT
&
SKILLS DEVELOPMENT DEPARTMENT

وزیر صنعت وتجارت پنجاب چوہدری شافع حسین پرائس کنٹرول کونسل کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں، وزیر زراعت عاشق حسین کرمانی بھی موجود ہیں

ریسٹورانوں کے اخراجات کو مدنظر رکھتے ہوئے پالیسیاں بنائی جائیں

تاجر ٹیکس ادا کرنے کے ساتھ ساتھ حکومتی اقدامات کی تعمیل کرتے ہیں، بھاری جرمانے عائد کرکے ہمارے کاروبار کو متاثر کیا جارہا ہے

اگر ہمارے جائز مطالبات تسلیم نہ کیے گئے تو ہم ایک بار پھر عدالت سے رجوع کرنے پر مجبور ہوں گے، فاروق چوہدری

راولپنڈی (نمائندہ عوامی للکار) راولپنڈی ریسٹورنٹ کیٹررز سویٹس اینڈ بیکرز ایسوسی ایشن کے صدر محمد فاروق چوہدری نے صوبائی وزیر خوراک بلال یاسین سے مطالبہ کیا کہ تاجر ٹیکس ادا کرنے کے ساتھ ساتھ حکومتی اقدامات کی تعمیل کرتے ہوئے ان کا بھرپور ساتھ دیتے ہیں، اس کے باوجود بھاری جرمانے عائد کر کے ہمارا کاروبار شدید متاثر کیا جارہا ہے۔ ریسٹورانوں کے اخراجات کو مدنظر رکھتے ہوئے پالیسیاں بنائی جائیں، ہمارے جائز مسائل حل کیے جائیں۔ ضلعی انتظامیہ راولپنڈی کو تندور اور ریسٹورنٹ میں فروخت ہونے (بقیہ نمبر 35)

ڈی آئی جی ہیڈکوارٹرز کا اردل روم کا انعقاد

ڈی آئی جی نے پولیس افسران کو درپیش محکمانہ وذاتی نوعیت کے مسائل سنے

اسلام آباد (این این آئی) ڈی آئی جی ہیڈکوارٹرز ڈاکٹر سید مصطفی تنویر نے اردل روم کا انعقاد کیا، اردل روم میں ڈی آئی جی نے پولیس افسران کو درپیش محکمانہ اور ذاتی نوعیت کے مسائل سنے اور افسران کو ترجیحی بنیادوں پر حل کرنے کی ہدایت کی۔ تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کی خصوصی ہدایات پر پولیس افسران کو درپیش محکمانہ اور ذاتی نوعیت کے مسائل کے بروقت اور ترجیحی بنیادوں پر حل کو یقینی (بقیہ نمبر 36)

پولیس افسران کو رعائتی نرخوں پر بہترین طبی سہولیات کی فراہمی

نجی ادارے نایاب لیب اینڈ ڈائیگنوسٹک سنٹر اور اسلام آباد پولیس کے درمیان یاداشت پر دستخط

اسلام آباد (این این آئی) آئی جی اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کے خصوصی احکامات پر پولیس افسران کو رعائتی نرخوں پر بہترین طبی سہولیات فراہم کرنے کیلئے نجی ادارے نایاب لیب اینڈ ڈائیگنوسٹک سنٹر اور اسلام آباد پولیس کے درمیان یاداشت پر دستخط کر دیے گئے، معاہدے کے تحت پولیس افسران لیب ٹیسٹ، ریڈیولوجی ٹیسٹ اور ادویات رعائتی نرخوں پر حاصل کر سکیں گے۔ تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی (بقیہ نمبر 38)

اسلام آباد سے 18 جرائم پیشہ عناصر پکڑے گئے

پولیس نے بھاری مقدار میں شراب، چرس، اسلحہ قبضے میں لے لیا

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد پولیس نے گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران منشیات فروشی ودیگر جرائم میں ملوث 03 اشتہاری و عادی مجرمان سمیت 18 جرائم پیشہ عناصر کو گرفتار کر کے قبضے سے بھاری مقدار میں شراب، چرس اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کرلیا۔ تفصیلات کے مطابق ڈپٹی انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی رضا کے خصوصی احکامات (بقیہ نمبر 40)

راولپنڈی، ناجائز اسلحہ رکھنے پر 4 ملزمان گرفتار

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس نے ناجائز اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے 4 ملزمان کو گرفتار کرکے اسلحہ اور ایمونیشن برآمد کرلیا۔ تفصیلات کے مطابق تھانہ سٹی پولیس نے ملزم اسرار سے 01 رائفل 12 بور معہ ایمونیشن، رتہ امرال پولیس نے ملزم عثمان سے 01 پستول 30 بور معہ ایمونیشن، روات پولیس نے ملزم فیاض سے 01 پستول 30 بور معہ ایمونیشن، کہوٹہ پولیس (بقیہ نمبر 37)

راولپنڈی، موٹرسائیکل چوری، ملوث ملزم گرفتار

راولپنڈی (این این آئی) گنجمنڈی پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے موٹر سائیکل چوری کی واردات میں ملوث ملزم کو گرفتار کرکے چوری شدہ 1 موٹر سائیکل برآمد کرلیا۔ تفصیلات کے مطابق گنجمنڈی پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے موٹرسائیکل چوری کی واردات میں ملوث ملزم نعیم کو گرفتار کر لیا، ملزم سے چوری شدہ 01 موٹرسائیکل برآمد ہوا، ایس پی راول فیصل سلیم کا کہنا تھا کہ گرفتار ملزم کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان عدالت کیا جائیگا، (بقیہ نمبر 39)

فوری ضرورت

روزنامہ عوامی للکار راولپنڈی Daily Awami Lalkaar

کو ملک بھر کے چھوٹے بڑے شہروں سے

نمائندگان و بیوروچیف درکار ہیں

خواہشمند امیدوار رابطہ کریں۔

0312-7786354

www.awamilalkaar.com

وزیر سوشل ویلفیئر وبیت المال پنجاب سہیل شوکت بٹ سے لندن کے ڈپٹی میئر چانسلر محمد شکیل ملاقات کررہے ہیں

جشن آزادی کی خوشیوں میں شامل کرنے کیلئے جوڈیشل حوالات

پنڈ دادنخان میں حوالاتیوں کے درمیان مٹھائی کی تقسیم کی گئی

ڈ دادنخان (سرفراز عباس سے) اسسٹنٹ کمشنر پنڈ دادن خان ڈاکٹر حلیمہ منیر اسسٹنٹ سی او میونسپل کمیٹی ملک غلام اکبر اور سالٹ رینج میڈیا کلب رجسٹرڈ پنڈ دادنخان کے عہدے داران نے یوم ازادی 14 اگست کے روز جوڈیشل حوالات پنڈ دادنخان میں مٹھائی تقسیم۔ تفصیلات کیمطابق 14 اگست کو اسسٹنٹ کمشنر پنڈ دادن خان ڈاکٹر حلیمہ منیر نے اسسٹنٹ (بقیہ نمبر 41)

17 سالہ لڑکے سے زیادتی کا دوسرا ملزم گرفتار

ملزم کو سزادلوانے کے لیے تمام قانونی تقاضے پورے کیے جائیں گے، پولیس حکام

راولپنڈی (اے ایف بی) راولپنڈی میں 17 سالہ لڑکے سے زیادتی کرنے والے دوسرے ملزم کو گرفتار کرلیا گیا۔ ترجمان راولپنڈی پولیس کے مطابق مندرہ پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے لڑکے سے زیادتی کے دوسرے ملزم کو گرفتار کیا۔ ملزم اویس نے اپنے ساتھی کے ہمراہ اسلحے کے زور پر 17 سالہ لڑکے کو زیادتی کا نشانہ بنایا تھا۔ مندرہ پولیس نے متاثرہ لڑکے کی درخواست پر مقدمہ درج کرکے ملزم اویس کو بھی گرفتار کرلیا۔ اس سے قبل (بقیہ نمبر 42)

پاکستان ٹیکس بار ایڈوائزر ایسوسی ایشن اور ملتان ٹیکس بار کے وفد کے ارکان چیئرمین اپیلٹ ٹربیونل ان لینڈ ریونیو میاں توقیر اسلم کو پھولوں کا گلدستہ پیش کررہے ہیں

وزیر اطلاعات کی ڈی جی پی آر میں بہتری پر متعلقہ سیکشنز کو شاباش

نئے تعینات ڈی جی پی آر پنجاب ڈاکٹر شہنشاہ فیصل عظیم کو عہدہ سنبھالنے پر مبارکباد

صفائی کا معیار بہتر کرنے اور انتظامی معاملات میں بہتری پر متعلقہ افسران کی حوصلہ افزائی

غیر حاضر اور دیر سے دفتر آنے والے ملازمین سے محکمے کی جانب سے وضاحت طلب

لاہور (این این آئی) وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری نے ڈی جی پی آر میں بہتری پر متعلقہ سیکشنز کو شاباش دی ہے، نئے تعینات ڈی جی پی آر پنجاب ڈاکٹر شہنشاہ فیصل کو عہدہ سنبھالنے پر مبارکباد دی جبکہ صفائی کا معیار بہتر کرنے اور انتظامی معاملات میں بہتری پر متعلقہ افسران کی حوصلہ افزائی کی۔ انہوں نے غیر حاضر اور دیر سے دفتر آنے والے ملازمین سے محکمے کی جانب سے وضاحت طلب کر لی۔ وزیر اطلاعات پنجاب عظمی بخاری کے ایکشن کے بعد ایک ہفتے میں ڈی جی پی آر کے 72 ملازمین کو نوٹسز جاری، ملازمین کو دفتر دیر (بقیہ نمبر 43)

سی ڈی اے معذور ملازمین کا سپیشل کنونس الاؤنس بڑھا دیا گیا

سپیشل کنونس الاؤنس 4000 روپے سے بڑھا کر 7000 روپے ماہانہ کردیا گیا

اسلام آباد (این این آئی) سی ڈی اے مزدور یونین (سی بی اے) کے مطالبے پر ادارے میں کام کرنے والے معذور ملازمین کا سپیشل کنونس الاؤنس 4000 روپے سے بڑھا کر 7000 روپے ماہانہ کر دیا گیا جس کا باقاعدہ نوٹیفکیشن فنانس ونگ نے جاری کردیا جو کہ یکم جولائی 2024ء سے نافذ العمل ہوگا، نوٹیفکیشن جاری ہوتے ہی سی ڈی اے کے سپیشل ملازمین میں خوشی کی لہر دوڑ گئی، اس موقع پر انہوں نے سی ڈی اے مزدور یونین (بقیہ نمبر 44)

فارما ورلڈ انسٹی ٹیوٹ کیٹگری بی فارمیسی ٹیکنیشن کالج میں جشن آزادی کی مناسبت سے منعقدہ تقریب سے پروفیسر اسحاق میو خطاب کررہے ہیں

پاک-بنگلہ دیش میچ، شہریوں کیلئے ٹریفک پلان جاری

ٹریفک پولیس کے 367 افسران وجوان ٹریفک ڈیوٹی سرانجام دیں گے

راولپنڈی (این این آئی) سٹی ٹریفک پولیس نے راولپنڈی کرکٹ سٹیڈیم میں 18 اگست تا 25 اگست 2024 تک پاکستان بمقابلہ بنگلہ دیش کرکٹ ٹیسٹ میچز کے حوالے سے شہریوں اور شائقین کرکٹ کی سہولت کیلئے جامع اور منظم ٹریفک پلان جاری کردیا، کرکٹ میچز کے دوران ٹریفک پولیس کے 367 افسران وجوان ٹریفک ڈیوٹی سرانجام دیں گے، دوران میچز و موومنٹ ٹریفک کو متبادل راستوں پر رواں دواں رکھنے کیلئے خصوصی (بقیہ نمبر 45)

چاندنی چوک میں سٹال مافیا کی جانب غیرقانونی پرکنگ کے باعث ٹریفک روانگی کو مشکلات کا سامنا رہتا ہے

چکوال، درندہ صفت شخص کی 12 سالہ بچے سے جنسی بدفعلی

پولیس نے مقدمہ درج کرکے ملزم کی تلاش شروع کردی

چکوال (این این آئی) قصبہ ملہال مغلاں میں درندہ صفت شخص کی 12 سالہ بچے سے جنسی بدفعلی، پولیس نے مقدمہ درج کرکے ملزم کی تلاش شروع کردی۔ تفصیلات کے مطابق رفیق ولد محمد بشیر ساکن ملہال مغلاں نے پولیس کو بتایا کہ اسکا بیٹا ظہیر عالم عمر 12 سال قرآن مجید کی تعلیم حاصل کر رہا ہے اور سادہ طبیعت ہے، نماز ادا کرنے کے بعد گھر واپس آیا تو اسکی شلوار خون سے لت پت تھی جس پر ہم پریشان ہوگئے، دریافت کیا تو بیٹے نے بتایا کہ صباح ولد الفت حسین مسلسل کئی دنوں سے میرے ساتھ بدفعلی کرتا رہا ہے اور (بقیہ نمبر 46)

منشیات سمگلر گرفتار، 20 گلوگرام افیون برآمد

ملزم نے تعلیمی اداروں اور شہر کے مختلف علاقوں میں منشیات سپلائی کرنے کا انکشاف کیا ہے

راولپنڈی (این این آئی) تھانہ بنی پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے منشیات سمگلر کو گرفتار کر کے بھاری مقدار میں افیون برآمد کرلی، ملزم سے 20 کلوگرام افیون برآمد ہوئی، ملزم نے تعلیمی اداروں اور شہر کے مختلف علاقوں میں منشیات سپلائی کرنے کا انکشاف کیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق تھانہ بنی پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے منشیات سمگلر محمد زبیر کو گرفتار کرلیا، ملزم سے 20 کلوگرام افیون برآمد ہوئی، ملزم نے تعلیمی (بقیہ نمبر 47)

ایڈیٹرانچیف۔۔محمد فیصل ندیم

پبلشر علی رضا ملک نے نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ راولپنڈی سے چھپوا کر آفس نمبر 1 سٹی پلازہ متصل الٰہ دین فن ہاؤس سکستھ روڈ راولپنڈی سے شائع کیا۔

رابطہ۔ 0309-7900035

کمشنر راولپنڈی کا دورہ کونتریلہ گوجرخان شہر کو نظرانداز کر گئے

گزشتہ دوسال سے ضلعی انتظامیہ کی جانب سے کسی کھلی کچہری کا انعقاد نہ کرنا اور یہاں کے باسیوں کو نہ سنا سوالیہ نشان بن گیا

لاوارث تحصیل کے باسی بیشمار مسائل کا شکار ضلعی انتظامیہ کی تمام مسائل سے چشم پوشی شہریوں کا کوئی پرسان حال نہیں

گوجرخان (قمر شہزاد) تحصیل گوجرخان کے باسی بشمار مسائل سے دوچار ضلعی انتظامیہ کی عدم دلچسپی تمام مسائل کو یکسر نظر انداز کر کے کمشنر راولپنڈی کونتریلہ کا دورہ کر کے گوجرخان شہر سے گزر گے سرکاری اداروں کے افسران پھولوں کے گلدستے ہاتھ میں اٹھائے رہ گے جبکہ انھوں نے یہاں رکنا بھی گوارانہ کیا عوامی حلقوں نے سی ایم پنجاب مریم نواز شریف سے گزارش کرتے ہوئے کہا کہ اعلی افسران کے وزٹس کے بھی ایس او پیز بنائے جائیں اور کوئی بھی ضلعی یا صوبائی افسران آئیں تو وہ مقامی انتظامیہ کو آگاہ کیے بغیر آئیں جسے ہر ادارے (بقیہ نمبر 48)

ڈپٹی کمشنر کیپٹن (ر) اورنگزیب حیدر خان فیروز پور روڈ گرین بیلٹ پر صفائی ستھرائی اور پی ایچ اے ونگ کے کام کو چیک کررہے ہیں

ملک بھر میں یوم ختم نبوت 7 ستمبر کو پورے مذہبی جوش وخروش سے منایا جائیگا

سرگودھا (این این آئی) سرگودھا سمیت ملک بھر میں یوم ختم نبوت 7 ستمبر کو پورے مذہبی جوش و خروش سے منایا جائیگا جس میں ریلیاں اور اجتماعات منعقد کرکے اس دن کی اہمیت کو اجاگر کیا جائے گا۔ ذرائع کے مطابق سابق وزیر اعظم ذوالفقار علی بھٹو کے دور حکومت میں 7 ستمبر کو قادیانیوں کو غیر مسلم اقلیت قرار دیتے ہوئے قادیانیت آرڈیننس جاری ہوا جس کی یاد میں اس دن کو پورے مزہبی جوش وخروش سے مناتے ہوئے مختلف مذہبی (بقیہ نمبر 49)

پولیس اور سعید انٹرنیشنل ہسپتال اسلام آباد کے درمیان مفاہمتی یاداشت پر دستخط

راولپنڈی (این این آئی) سی پی او سید خالد ہمدانی کی جانب سے فورس کی ویلفیئر کے اقدامات کا سلسلہ جاری ہے، ایس ایس پی آپریشنز فلائٹ لیفٹیننٹ (ر) حافظ کامران اصغر نے سعید انٹرنیشنل ہسپتال اسلام آباد کے ساتھ مفاہمتی یاداشت پر دستخط کردیے گئے، مفاہمتی یاداشت کے تحت شہداء پولیس کی فیملیز اور پولیس افسران و جوانوں اور فیملیز کو چیک اپ، علاج معالجہ اور مختلف اقسام کے لیے (بقیہ نمبر 51)

سرکاری سکولوں میں سکول میل پروگرام کا آغاز آئندہ ماہ متوقع

پہلے مرحلے میں 3 اضلاع میں شروع ہوگا' وزیر تعلیم رانا سکندر حیات

لاہور (این این آئی) وزیر تعلیم پنجاب رانا سکندر حیات نے کہا ہے کہ پنجاب کے سرکاری سکولوں میں میل پروگرام کا آغاز آئندہ ماہ سے ہوگا، ابتدائی طور پر جنوبی پنجاب کے 3 اضلاع سے میل پروگرام کا آغاز کیا جا رہا ہے، پہلے مرحلے میں ڈی جی خان، مظفرگڑھ اور راجن پور کے سرکاری سکولوں میں بچوں کو دودھ اور کھانا فراہم کیا جائے گا جس کے (بقیہ نمبر 50)

راولپنڈی، شہری کو قتل کرنیوالا مرکزی ملزم گرفتار

ملزم عدنان خان نے ساتھیوں کے ہمراہ فائرنگ کرکے شہری انزلہ خان کو قتل کردیا تھا

راولپنڈی (این این آئی) نصیر آباد پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے سابق لڑائی جھگڑے کی بناء پر فائرنگ کرکے شہری کو قتل کرنے والے مرکزی ملزم کو گرفتار کرلیا۔ تفصیلات کے مطابق نصیر آباد پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے سابق لڑائی جھگڑے کی بناء پر فائرنگ کرکے شہری کو قتل کرنے والے مرکزی ملزم عدنان خان گرفتار کر لیا، ملزم عدنان (بقیہ نمبر 52)

آتش بازی کا سامان فروخت کرنے والا ملزم گرفتار

300 سوتر گولے، 18 عدد شاٹ اسٹک، 03 ڈبی چائنہ پٹاخے، 09 عدد انار اور دیگر سامان آتش بازی برآمد

ملزم کو قرار واقعی سزا دلوانے کے لیے تمام قانونی تقاضے پورے کیے جائیں گے، ایس پی پوٹھوہار ناصر نواز

راولپنڈی (احمد ضمیر سے) سول لائنز پولیس کی کارروائی، آتش بازی کا سامان فروخت کرنے والا ملزم گرفتار، سامان آتش بازی برآمد، مقدمہ درج۔ تفصیلات کے مطابق سول لائنز پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے آتش بازی کا سامان فروخت کرنے والے ملزم تیمور کو گرفتار کرلیا، ملزم سے 300 سوتر گولے، 18 عدد شاٹ اسٹک، 03 ڈبی چائنہ پٹاخے، 09 عدد انار اور دیگر سامان آتش بازی برآمد ہوا، ایس پی پوٹھوہار ناصر نواز نے سول لائنز پولیس کو شاباش دیتے ہوئے کہا کہ ملزم کو قرار واقعی سزا دلوانے کے لیے تمام قانونی تقاضے پورے (بقیہ نمبر 53)

راولپنڈی: آتش بازی کا سامان فروخت کرنے والا ملزم سول لائنز پولیس کی حراست میں۔

راولپنڈی سے 7 شراب سپلائر گرفتار، 25 لیٹر شراب برآمد

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس نے شراب سپلائرز کے خلاف کارروائیاں کرتے ہوئے 7 ملزمان کو گرفتار کرکے 25 لیٹر شراب برآمد کرلی۔ تفصیلات کے مطابق وارث خان پولیس نے ملزم ضیاء الرحمٰن سے 08 لیٹر شراب، ملزم حیدر سے 05 لیٹر شراب، ملزم دانش سے 02 لیٹر شراب، شمعون سے 02 لیٹر شراب، ملزم علی حیدر سے 02 لیٹر شراب، گوجرخان پولیس نے ملزم منیر سے 05 لیٹر شراب، نیوٹاؤن پولیس نے ملزم کاشف (بقیہ نمبر 54)

راولپنڈی، رکشہ چوری کی واردات میں ملوث ملزم گرفتار

راولپنڈی (این این آئی) گوجرخان پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے رکشہ چوری کی واردات میں ملوث ملزم کو گرفتار کرکے چوری شدہ رکشہ برآمد کرلیا۔ تفصیلات کے مطابق گوجرخان پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے رکشہ چوری کی واردات میں ملوث ملزم تیمور کو گرفتار کرلیا، ملزم سے چوری شدہ رکشہ برآمد ہوا، ملزم کے دیگر سہولت کاروں کو بھی گرفتار کیا جائے گا، ایس پی صدر محمد نبیل کھوکھر کا کہنا تھا کہ گرفتار ملزم کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان عدالت کیا جائے گا۔

دریائے چناب میں اونچے درجے کے سیلاب کی وارننگ جاری

چناب میں سیلابی پانی کی سطح 2 لاکھ کیوسک سے اڑھائی لاکھ کیوسک تک بڑھنے کا خدشہ

مرالہ خانکی قادر آباد، ان سے ملحقہ ندی نالوں میں سیلاب کا خدشہ ہے' پی ڈی ایم اے پنجاب

لاہور (این این آئی) پی ڈی ایم اے پنجاب نے اگلے 24 گھنٹوں میں دریائے چناب میں اونچے درجے کے سیلاب کی وارننگ جاری کی۔ مرالہ خانکی قادر آباد اور ان سے ملحقہ ندی نالوں میں سیلاب کا خدشہ ہے۔ دریائے چناب میں سیلابی پانی کی سطح 2 لاکھ کیوسک سے اڑھائی لاکھ کیوسک تک بڑھنے کا خدشہ ہے۔ کمشنر ملتان، گجرات، گوجرانولہ، سرگودھا، فیصل آباد اور ڈیرہ غازی خان کو الرٹ جاری کیا گیا۔ سیالکوٹ، گجرات، گوجرانولہ، منڈی بہاوالدین، حافظ آباد، سرگودھا، جھنگ، خانیوال، ملتان، کوٹ ادو اور مظفرگڑھ کے ڈی سیز کو بھی الرٹ جاری کیا گیا۔ ڈی جی پی ڈی ایم اے عرفان کاٹھیا نے متعلقہ انتظامیہ کو الرٹ رہنے کی ہدایات بھی جاری کیں۔ ڈی جی پی ڈی ایم اے عرفان علی کاٹھیا کا کہنا تھا کہ (بقیہ نمبر 55)

پاکستان انجینئرنگ کونسل کے سابق ممبر گورننگ باڈی ڈاکٹر ظہور سرور پریس کانفرنس کررہے ہیں

پی ای سی میں مافیا نے اجارہ داری قائم کر رکھی ہے' انجینئر شیخ ظہور سرور

لوکل مینوفیکچررز کیلئے پاکستان انجینئرنگ کونسل کے دروازے بند کردیئے گئے ہیں اور انہیں رجسٹریشن کی اجازت نہیں ہے

ایسی پالیساں بنادی گئی ہیں جن سے انجینئرز کے پی ای سی لائسنس کی خرید وفروخت کا دھندہ عروج پر ہے

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) پاکستان انجینئرنگ کونسل کے سابقہ ممبر گورننگ باڈی انجینئر شیخ ظہور سرور نے کہا ہے کہ لوکل مینوفیکچررز کیلئے پاکستان انجینئرنگ کونسل کے دروازے بند کردیئے گئے ہیں اور انہیں رجسٹریشن کی اجازت نہیں ہے جسکی وجہ سے ملکی درآمدات پر بوجھ ہے، کشکول توڑنے کا واحد حل لوکل مینوفیکچررز کو سپورٹ کرنا ہے، پی ای سی کے ساتھ ایسے مافیاء کی اجارہ داری قائم ہوگئی ہے جن کی ترجیح صرف اپنے کاروبار اور ذاتی فوائد پر مرکوز ہے، ایسی پالیساں بنا دی گئی ہیں (بقیہ نمبر 56)

راولپنڈی، ٹرانسجینڈر کے گھر چوری، 4 ملزمان گرفتار

ملزمان سے چوری شدہ رقم 15 لاکھ روپے، موبائل فون اور دیگر اشیاء برآمد

راولپنڈی (این این آئی) سول لائنز پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے ٹرانسجینڈر الماس بوبی کے گھر چوری کرنے والے 4 ملزمان کو گرفتار کرکے چوری شدہ رقم 15 لاکھ روپے، موبائل فون اور دیگر اشیاء برآمد کرلیں۔ تفصیلات کے مطابق سول لائنز پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے ٹرانسجینڈر الماس بوبی کے گھر چوری کرنے والے 04 ملزمان کو گرفتار کرلیا، گرفتار ملزمان میں داؤد، زرنین، فیضان اور احتشام شامل ہیں، ملزمان سے چوری شدہ رقم 15 لاکھ روپے، موبائل فون اور دیگر اشیاء برآمد ہوئیں، مدعی مقدمہ کا کہنا تھا کہ ملزمان فنکشن پر ساتھ آتے جاتے تھے، ملزمان کو معلوم تھا کہ گھر میں گاڑی کی فروخت سے حاصل ہونے (بقیہ نمبر 57)

مارکیٹ سے شرطیہ انتہائی کم ترین ریٹ پر

صرف 5000/- روپے میں

اپنے کاروبار کے لئے ویب سائٹ ہم سے بنوایں.

وہ بھی ڈومین اینڈ ہوسٹنگ کے ساتھ

Free.com domain
Features:
Free SSL Certificate
1 Click WordPress installer
Unlimited Space
Unlimited Bandwidth
Unlimited Email Accounts
Unlimited MySQL data bases
Unlimited Subdomains
Latest Version of PHP, MYSQL and cPanel
24/7/365 Support
100% Up time Guarantee
Free/Instant Setup

- News Website
- Business Website
- School Website
- TV Channel Website

ویب سائٹ میں ڈیٹا ڈالنے کا مکمل طریقہ بھی ساتھ سکھایا جائے گا

سی پینل اور ورڈ پریس دونوں اکاؤنٹ دیے جائے گے

یہ آفر محدود مدت کے لیے ہے

E-Commerce Website
Price: 6000/-

Call / Whatsapp
0309-7900035